★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | پیر 16 رمضان المبارک 1446ھ، 17 مارچ 2025ء، 3 چیت 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 140

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

نوشکی میں ایف سی قافلے پر دھماکہ، 3 اہلکار اور 2 شہری شہید، خودکش حملہ آور سمیت 4 دہشتگرد ہلاک

ایک خودکش حملہ آور نے دھماکا خیز مواد سے بھری گاڑی ایف سی کے قافلے سے ٹکرائی، زخمیوں کو ایف سی کیمپ اور نوشکی ٹیچنگ اسپتال منتقل کیا جارہا ہے جہاں ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے

دھماکا پاک ایران شاہراہ این 40 پر ہوا، جس کی آواز دور دور تک سنی گئی، دھماکے کے بعد سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے علاقے کا گھیراؤ کرلیا: پولیس ذرائع

نوشکی (این این آئی) نوشکی میں فرنٹیئر کور (ایف سی) کے قافلے پر خودکش حملے میں 5 اہلکار شہید اور 12 سے زائد زخمی ہوگئے، متعدد زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے جس کے باعث پولیس نے اموات میں اضافے کا خدشہ ظاہر کردیا۔ نوشکی کے اسٹیشن ہاؤس آفیسر (ایس ایچ او) ظفر اللہ سملانی کے مطابق ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ایک خودکش حملہ تھا۔ ایس ایچ او نوشکی نے کہا کہ جائے وقوعہ سے ملنے والے شواہد سے پتہ چلتا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور، مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بڑھتی ہوئی دہشتگردی: حکومت کا پارلیمان کی قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس بلانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے ملک میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کے تناظر میں پارلیمان کی قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

دہشتگردی کے تانے بانے بھارت، افغانستان سے ملتے ہیں، خواجہ آصف

پاکستان میں جو دہشت گردی، بدامنی ہے اس میں افغانستان کا ہاتھ ہے، وفاقی وزیر دفاع

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشتگردی کے تانے بانے بھارت اور افغانستان سے ملتے ہیں، دہشتگردوں سے بلوچستان میں ان کے نیٹ ورک کی اہم معلومات ملی ہیں کہ ان کے باہر کے ممالک سے جو تعلقات ہیں وہاں بیٹھے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

خیبر پختونخوا میں فائرنگ کے واقعات میں 3 پولیس اہلکار اور سیکیورٹی گارڈ شہید

مسلح افراد نے خرم اور تخت نصرتی تھانوں پر حملہ کیا، سوئی گیس تنصیب پر حملے میں حملہ آوروں کا تعاقب کیا گیا لیکن وہ اندھیرے میں فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے

دہشت گردوں نے بھاری توپ خانے سے حملہ کیا، کرک پولیس نے تینوں حملوں کو ناکام بنا دیا، ایک سیکیورٹی گارڈ کو بھی بازیاب کرا لیا گیا: ڈی پی او

کرک/پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے اضلاع کرک اور پشاور میں رات گئے کیے گئے مختلف حملوں میں دو پولیس اہلکار اور ایک سیکیورٹی گارڈ شہید ہوگیا۔ کرک کے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) شہباز الٰہی کے مطابق دہشت گردوں نے رات گئے 2 تھانوں اور سوئی گیس کی تنصیب پر حملہ کیا، فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار اور ایک نجی سیکیورٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لئے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، بلال اظہر کیانی

وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے سانحہ جعفر ایکسپریس میں شہید فوجی جوان مرزا جواد کی قبر پر حاضری دی، شہید کی قبر پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی

سیکیورٹی فورسز کے جوانوں نے 33 دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، امن برقرار رکھنے کی خاطر دہشتگردوں کو معاونت فراہم کرنے والوں کے خلاف اقدامات کو مزید موثر بنائیں گے

جہلم (این این آئی) وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے سانحہ جعفر ایکسپریس میں شہید فوجی جوان مرزا جواد کی قبر پر حاضری دی۔ اتوار کو بلال اظہر کیانی نے اہل علاقہ کے ہمراہ شہید کی قبر پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیر مملکت برائے ریلوے بلال اظہر کیانی نے شہید مرزا جواد کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فوجی جوان مرزا جواد سانحہ جعفر ایکسپریس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے ایف آئی اے اور آئی بی کے افسران ملاقات کررہے ہیں

پنجاب کے صحافیوں کو انکی اپنی چھت فراہم کرنے جارہی ہیں: عظمیٰ بخاری

پنجاب حکومت نے سب سے زیادہ صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کیے ہیں

وزیر اطلاعات پنجاب کی APNS کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نیاے پی این ایس کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے سرمد علی کو صدر، ناز آفرین سہگل کو سینئر نائب صدر اور اطہر قاضی کو جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ، انہوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

وزیر اعظم

انسانی سمگلرز پاکستان کی بدنامی کا باعث، کالا دھندا مکمل بند ہونا چاہیے

شہباز شریف نے ججا گینگ کے سرغنہ عثمان ججا کی گرفتاری پر ایف آئی اے اور آئی بی اے کے افسران کو وزیر اعظم ہاؤس مدعو کرکے سراہا، اعزازی شیلڈز اور 10،10 لاکھ روپے کے انعامات سے نوازا

انسانی اسمگلنگ کے گھناؤنے جرم کے مرتکب عناصر کی سرکوبی اولین ترجیح ہے، کالے دھندے میں ملوث افراد نے پاکستان کے تشخص کو ٹھیس پہنچانے کی کوشش کی، وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے انسانی اسمگلنگ میں ملوث ججا گینگ کے سرغنہ عثمان ججا کی گرفتاری پر ایف آئی اے اور آئی بی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ججا گینگ کو گرفتار کرنا لائق تحسین ہے، انسانی اسمگلنگ کا کالا دھندہ مکمل طور پر بند کرانے کا پختہ عزم کر رکھا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

امریکا کی سفری پابندیوں سے بچنے کیلئے پاکستان کو 2 ماہ کی مہلت ملنے کا امکان

مجوزہ پابندیوں نے امریکی مسلمان برادریوں میں گہری تشویش پیدا کردی، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی میڈیا کی جانب سے شائع ہونے والی رپورٹس کے مطابق امریکا پاکستان کو سیکیورٹی خدشات دور کرنے اور ممکنہ سفری پابندیوں کو روکنے کے لیے 60 دن کی مہلت دے سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ماضی کی قیاس آرائیوں کے برعکس اس تجویز کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

وزیر اعظم کی نوشکی میں دھماکے کی شدید مذمت

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے نوشکی میں دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



لاہور: مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز خصوصی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

افغان عوام ساتھ ہیں، حکومت دہشتگردوں کو سہولت دے رہی ہے، رانا ثنا

پاک فوج کا کوئی جوان دہشتگردوں کی حراست میں نہیں ہے، مزمل شہید کے اہل خانہ سے اظہار افسوس کیلیے حاضر ہوا ہوں: مشیر وزیر اعظم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم کے مشیر اور مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ ہم نے ہمسایہ ملک افغانستان کی ماضی میں بہت مدد کی ہے، افغانستان کی عوام ہمارے ساتھ ہے، حکومت دہشتگردوں کو سہولت دے رہی ہے، پاک فوج کا کوئی جوان دہشتگردوں کی حراست (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



لاہور: وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین سے جنرل پنجاب ہاؤسنگ سکندر ذیشان ملاقات کررہے ہیں

کرک پولیس نے دہشتگردوں کے حملے کو بہادری کے ساتھ پسپا کیا، وزیر اعلیٰ کے پی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

آئی ٹی اور ای کامرس، پاک چین اداروں کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

گوانگچو (این این آئی) انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) اور ای کامرس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

وزیر اطلاعات کی اے پی این ایس کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

اے پی این ایس کی پرنٹ میڈیا انڈسٹری میں صحافت کی ایک شاندار تاریخ ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے اے پی این ایس کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اے پی این ایس کی پرنٹ میڈیا انڈسٹری میں صحافت کی ایک شاندار تاریخ ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں عظمیٰ بخاری نے سرمد علی کو صدر اے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

دہشتگردی کو ختم ہونا ہوگا تاکہ ریاست آگے بڑھ سکے، رؤف حسن

ملک سخت دہشت گردی کی زد میں ہے قومی اتفاق رائے سے کوئی اختلاف نہیں کرسکتا، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) رہنما تحریک انصاف رؤف حسن کا کہنا ہے کہ اس قسم کے حالات میں جب کہ ملک سخت دہشت گردی کی زد میں ہے قومی اتفاق رائے سے کوئی اختلاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

شہداء قوم کا سرمایہ، قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی، محسن نقوی

پشاور اور کرک میں مختلف مقامات پر خوارجی دہشتگردوں کے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ شہداء قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پشاور اور کرک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



لاہور: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے پریم یونین کے عہدیدار ملاقات کررہے ہیں

پاکستانیوں کے امریکی سفر پر پابندی کا امکان نہیں، حسین حقانی

پابندیاں لگنے کی صورت میں امریکیوں پر جوابی پابندیاں عائد کی جائیں، مشاہد حسین کا حکومت کو مشورہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سابق سفیر حسین حقانی کا کہنا ہے کہ لگتا ہے پاکستانیوں کے امریکی سفر پر مکمل پابندی کا امکان ٹل گیا، اب صرف ویزے کے اجرا کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

روسی صدر کے ساتھ ہمارے ایلچی کی بات چیت نتیجہ خیز رہی، ٹرمپ

چیزیں تیزی سے اور موثر طریقے سے چلی رہی ہیں، تمام اشارے بہت اچھے لگتے ہیں، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ روسی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



لاہور: کرسچین کمیونٹی کی جانب سے اپنے حقوق کے حق میں احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں، افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو انخلاء کیلئے دی گئی مہلت میں 15 روز باقی

لاہور (این این آئی) غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں اور افغان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری ترکمانستان ایمبیسی کی انٹرنیشنل کانفرنس میں شریک ہیں

عید کے بعد تحریک چلانے کا فیصلہ کریں گے، مولانا فضل الرحمان

موجودہ سیاسی صورتحال میں نواز شریف اہم کردار ادا کرسکتے ہیں، پی ٹی آئی کی اصل قیادت جیل میں ہے، سربراہ جے یو آئی کی گفتگو

حکومت اور پارلیمان کٹھ پتلی ہیں، وزیر اعظم، صدر اور وزیر داخلہ اہل نہیں ہیں، موجودہ حکمران الیکشن جیت کر نہیں آئے

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ موجودہ سیاسی صورتحال میں نواز شریف اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ پی ٹی آئی کی اصل قیادت جیل میں ہے، اور باہر جو ہیں ان میں یکسوئی کا فقدان ہے، میرے خلاف اگر کوئی بیان دیتا ہے تو پی ٹی آئی کو نوٹس لینا چاہیے۔ جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جے یو آئی نے حکومت کے خلاف تحریک چلانے کے لیے مجلس عمومی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

ٹرمپ نے امریکی قیدیوں کی رہائی کے لیے نامزد نمائندے کی نامزدگی واپس لے لی

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کی ٹرمپ انتظامیہ نے ایڈم بوہلر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

یمن پر امریکی جارحیت کا جواب دیں گے: حوثی گروپ کا امریکہ کو پیغام

صنعاء (این این آئی) یمن میں امریکی فوجی آپریشن پر اپنے پہلے تبصرے میں حوثی سیاسی بیورو نے اس بات پر زور دیا ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

شکر گڑھ کے علاقے نورکوٹ میں: خانہ بدوش خیمہ بستی میں دیوار گر گئی، 2 بچیاں بحق

شکر گڑھ (این این آئی) شکر گڑھ کے علاقے نورکوٹ میں خانہ بدوش خیمہ بستی میں دیوار گر گئی۔ پولیس کے مطابق حادثے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

جعفر ایکسپریس حملہ، معطل ہونے والی ٹرینیں اگلے ہفتے کے آخر تک بحال ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے کے سینئر حکام کے مطابق جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد معطل ہونے والی بلوچستان سے آنے اور جانے والی ٹرینیں اگلے ہفتے کے آخر تک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

گردشی معیشت سے معاشی، سماجی، ماحولیاتی بحرانوں سے نمٹنا ممکن، معاشی ماہرین

ترقی یافتہ ممالک بھی لینیئر معیشت چھوڑ کر گردشی معیشت کی طرف جارہے ہیں، ڈاکٹر عدیل غیور

کراچی (این این آئی) معاشی ماہرین نے کہا ہے کہ گردشی معیشت کو فروغ دینے سے پاکستان کو معاشی، ماحولیاتی اور سماجی مسائل اور بحرانوں پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے معاشی ماہرین نے کہا کہ ملک میں ایسا ماحول پیدا کرنے کی ضرورت ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



مریدکے: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین زرعی سائنسدان قاری رمضان کی عیادت کے بعد میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

اعلیٰ ماتحت عدلیہ میں ڈیجیٹلائزیشن کو فروغ دینا ہوگا، پنجاب بار کونسل

لائسنس کا حصول، تجدید کیلئے ون لنک کی سہولت متعارف کرائی گئی ہے، وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے کہا ہے کہ بدلتے رجحانات کے تحت اصلاحات اور ڈیجیٹلائزیشن ناگزیر ہے، پنجاب بار کونسل نے اس حوالے سے کامیاب پیشرفت کی ہے اور وکلاء کیلئے لائسنس کے حصول، تجدید اور سرٹیفکیٹس کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

پی ٹی آئی سانحہ جعفر ایکسپریس پر پروپیگنڈا کررہی ہے، وزیر دفاع

پی ٹی آئی کا موقف ہے کہ عمران خان کو پے رول پر لایا جائے، پی ٹی آئی نے اے پی سی میں شمولیت کیلئے بانی کی شرکت کو لازمی قرار دیا ہے

بانی پی ٹی آئی جیل سے اخبارات میں آرٹیکل، پریس ٹاک اور بیانات دیتے ہیں لیکن قومی سانحے پر مذمت نہیں کرتے، خواجہ آصف

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کے لیے پی ٹی آئی کا موقف ہے کہ عمران خان کو پے رول پر لایا جائے۔ سیالکوٹ میں نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی نے یہ بات واضح الفاظ میں نہیں کہی لیکن انہوں نے بانی کی شرکت کو لازم قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سانحہ جعفر ایکسپریس پر پروپیگنڈا کررہی ہے، اتنے روز گزرنے کے بعد بھی عمران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد کوئٹہ، چمن ٹرین سروس بحال

اسلام آباد (این این آئی) جعفر ایکسپریس حملے کے بعد کوئٹہ سے چمن کیلئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

ایم ایل ون منصوبے پر حنیف عباسی کا بیان پاک چین تعلقات پر خودکش حملہ ہے، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے وفاقی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

راولاکوٹ، کوسٹر پھسلن کے باعث بے قابو ہوکر کھائی میں جا گری، 5 افراد جاں بحق

راولاکوٹ (این این آئی) راولاکوٹ آزاد کشمیر کے سیاحتی مقام لسڈنہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

راتوں رات سولر میٹرنگ سے متعلق پالیسی بدلی گئی، مفتاح اسماعیل

ملک میں بجلی کے سوا کونسی چیز ہے جو 9 روپے میں بنتی ہو اور 50 میں فروخت ہوتی ہو؟

کراچی (این این آئی) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ راتوں رات سولر میٹرنگ سے متعلق پالیسی تبدیل کی گئی۔ خصوصی گفتگو کے دوران مفتاح اسماعیل نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



لاہور: نیلا گمبند میں لگے کتابوں کے اسٹال سے شہری کتابیں خرید رہے ہیں

ملک میں عدالتیں، میڈیا نہ ہی سیاست آزاد ہے، شاہد خاقان عباسی

قانون رات کے اندھیرے میں بنتے ہیں، عوام کو دبانے کے لیے قانون بنائیں گے تو پاکستان آگے نہیں چلے گا، سابق وزیر اعظم

ہر شخص چاہتا ہے ملک ترقی کرے اس کا گھر ترقی کرے، آج صاحب اقتدار کو یہ باتیں سمجھ نہیں آتیں کہ نوجوان کیا چاہتے ہیں

کراچی (این این آئی) سابق وزیر اعظم اور عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی نے حکومتی اقدامات پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی عدالتوں میں انصاف کی پامالی ہوتی، نہ تو میڈیا اور نہ ہی سیاست آزاد ہے۔ کراچی میں اپنی نئی سیاسی جماعت عوام پاکستان پارٹی کے نئے دفتر کے افتتاح کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ہر شخص چاہتا ہے ملک ترقی کرے اس کا گھر ترقی کرے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: ایک شخص باغ جناح کی سیر کیلئے آنے والے بچوں کو جھولے دے رہا ہے

پیٹرول اور ڈیزل پر لیوی میں 10،10 روپے فی لیٹر اضافہ

پٹرولیم لیوی بڑھانے سے اضافی رقم بجلی کے بلوں میں ریلیف پر خرچ ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر لیوی میں 10، 10 روپے فی لیٹر کا اضافہ کردیا۔ پیٹرول اور ڈیزل پر لیوی 60 سے بڑھا کر 70 روپے فی لیٹر کردی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

بطور رہنما ہمیں تفرقہ بازی کی سیاست سے بالاتر ہونا چاہیے، عشرت العباد

پاکستان پارٹی کو کراچی میں خوش آمدید کہتے ہیں، سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی سے ٹیلیفونک گفتگو

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد نے کہا ہے کہ بطور رہنما ہمیں تفرقہ بازی کی سیاست سے بالاتر ہونا چاہیے۔ عشرت العباد نے ان خیالات کا اظہار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



راولپنڈی: انارکلی بازار میں تاجروں کی جانب سے موٹر سائیکل کیلئے لگائی گئی رکاوٹوں کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25
میو ہسپتال لاہور
9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8
پی آئی سی لاہور
111-786-786



لاہور: مجلہ بہبود آبادی پنجاب کے زیر اہتمام ایس پی سی سی پر منعقدہ سیمینار میں مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ شمن رائے دیگر مہمانان و شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

سماجی رویے کی تبدیلی کے مواصلاتی حکمت عملی کے پھیلاؤ پر سیمینار کا انعقاد

سیمینار کی مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن شمن رائے کے علاوہ دیگر افسران و شرکاء کی شرکت

سیمینار میں کلیدی عہدیداروں، اسٹیک ہولڈرز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شرکاء نے حصہ لیا

ایس بی سی سی سے پائیدار، بہتری کیلئے بین الادارہ جاتی ہم آہنگی اور کمیونٹی پر مبنی نقطہ نظر کو اپنانے کی ضرورت پر زور

سماجی رویے کی تبدیلی کے مواصلاتی حکمت عملی (SBCC) کے فروغ اور آگاہی کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت

SBCC حکمت عملی کے نفاذ کے لیے مستقبل کا لائحہ عمل کیلئے مضبوط مانیٹرنگ اور ایویلیوایشن فریم ورک کی تشکیل

لاہور (خبر نگار) سماجی رویے کی تبدیلی کے مواصلاتی حکمت عملی کے پھیلاؤ پر ایک اہم سیمینار کا انعقاد پاپولیشن ہاؤس کے کمیٹی روم میں ہوا۔ اس ایونٹ میں کلیدی عہدیداروں، اسٹیک ہولڈرز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شرکاء نے شرکت کی تاکہ SBCC حکمت عملی کے نفاذ اور اس کے فوائد پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ سیمینار کی مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن شمن رائے کے علاوہ دیگر افسران و شرکاء نے شرکت کی۔ ڈاکٹر سید کاشف علی (ایڈیشنل ڈائریکٹر (ٹی) کے علاوہ مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد، سماجی تنظیموں کے نمائندگان اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے سیمینار میں بھرپور شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل شمن رائے نے اپنے خطاب میں بتایا کہ ادارہ جاتی ہم آہنگی اور کمیونٹی پر مبنی نقطہ نظر کو اپنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا کہ سماجی رویوں میں پائیدار بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے سیمینار کے بنیادی مقاصد بارے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ سماجی رویے کی تبدیلی کے مواصلاتی حکمت عملی (SBCC) کے فروغ اور آگاہی کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے اس لئے رویوں میں مثبت تبدیلی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہوگا کہ سماجی اور صحت کے شعبے میں بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ موثر ابلاغی حکمت عملیوں کے ذریعے کلیدی اسٹیک ہولڈرز کو متحرک کر کے عوامی فلاحی مفہوموں میں قدم کرنے کے طریقہ کار پر تبادلہ خیال کرنا ہے۔ ایس بی سی سی کے نفاذ میں درپیش چیلنجز اور ان کے حل، نچلی سطح پر SBCC کے نفاذ میں درپیش رکاوٹوں کی نشاندہی سے پالیسی سطح پر اہم اقدامات کی تجویز جو ابلاغی حکمت عملیوں کو مضبوط بنا جا سکے گا۔ سیمینار میں SBCC کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی پریزنٹیشنز اور مباحثے کیے گئے، جن میں درج ذیل نکات

ڈپٹی سیکرٹری سلمان رفیق (بی) کے علاوہ مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد، سماجی تنظیموں کے نمائندگان اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے سیمینار میں بھرپور شرکت کی۔ ڈاکٹر ریاض الحسن نے اپنے خطاب میں بتایا کہ ادارہ جاتی ہم آہنگی اور کمیونٹی پر مبنی نقطہ نظر کو اپنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا کہ سماجی رویوں میں پائیدار بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے سیمینار کے بنیادی مقاصد بارے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ سماجی رویے کی تبدیلی کے مواصلاتی حکمت عملی (SBCC) کے فروغ اور آگاہی کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے اس لئے رویوں میں مثبت تبدیلی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہوگا کہ سماجی اور صحت کے شعبے میں بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ موثر ابلاغی حکمت عملیوں کے ذریعے کلیدی اسٹیک ہولڈرز کو متحرک کر کے عوامی فلاحی مفہوموں میں قدم کرنے کے طریقہ کار پر تبادلہ خیال کرنا ہے۔ ایس بی سی سی کے نفاذ میں درپیش چیلنجز اور ان کے حل، نچلی سطح پر SBCC کے نفاذ میں درپیش رکاوٹوں کی نشاندہی سے پالیسی سطح پر اہم اقدامات کی تجویز جو ابلاغی حکمت عملیوں کو مضبوط بنا جا سکے گا۔ سیمینار میں SBCC کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی پریزنٹیشنز اور مباحثے کیے گئے، جن میں درج ذیل نکات

تشکیل، پبلک، پرائیویٹ پارٹنرشپ کو فروغ دینے کی تجاویز، ڈیجیٹل اور روایتی میڈیا کے موثر استعمال پر زور دیا گیا۔ سیمینار کے اختتام پر تمام شرکاء نے SBCC حکمت عملی کے موثر نفاذ کے لیے اپنی وابستگی کا اظہار کیا۔ شرکاء نے مباحثے کو انتہائی سودمند قرار دیا اور اس بات کا عزم کیا کہ وہ اپنے متعلقہ شعبہ جات میں SBCC حکمت عملی کے فروغ میں کردار ادا کریں گے۔ یہ سیمینار سوشل سیٹیزن پیرٹیپیٹری پروجیکٹ کے حوالے سے منعقد ہوا جس کا مقصد شہریوں کو حکومتی منصوبوں کے عمل میں شامل کرنا اور ان کی رائے کو پالیسی سازی میں اہمیت دینا ہے۔ اس پروجیکٹ کے تحت مختلف شہروں میں سروے کیے جا رہے ہیں تاکہ عوام کی ضروریات اور مسائل کو بہتر طریقے سے سمجھا جا سکے۔ اس منصوبے کے ذریعے حکومت اور عوام کے درمیان فاصلے کم ہوں گے اور شفاف طرز حکمرانی کو فروغ ملے گا۔

چودھری سجاد نذیر کا پیپلز پارٹی کے راہنماؤں کے اعزاز میں افطار ڈنر

جمہوری حکومت اپنا ایک سال مکمل کر کے دوسرے سال میں داخل ہو چکی ہے



لاہور (خبر نگار) پیپلز پارٹی آرگنائزنگ کمیٹی گلف مڈل ایسٹ کے رہنما چودھری سجاد نذیر نے ہوٹل چوک یادگار پر دوست پر پیپلز پارٹی کے راہنماؤں کے اعزاز میں افطار ڈنر دیا جس میں چودھری اشرف ✕ ڈاکٹر رفیق خان، اقبال خان ✕ اقبال آفاق ✕ عامر صہیر ملک ✕ فیصل کامران کے علاوہ ✕ ڈویژن شاد بخاری ✕ وقاص قریشی ✕ خواجہ مسعود اور چودھری ضیر حسید و دیگر نے شرکت کی ✕ اس موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری و خواجہ حسین پیش کیا گیا جن کی وجہ سے آج ایک مرتبہ پھر جمہوری حکومت اپنا دوسرے سال میں داخل ہو چکی ہے جس کا ایک سال مکمل کر کے دوسرے سال میں کریڈٹ ابھی کو جاتا ہے۔

یتیم بچوں کا دن ہمیں معاشرتی ذمہ داریوں کا احساس دلاتا ہے۔ رانا سکندر اقبال

یتامیٰ کے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کیلئے اجتماعی کوششیں کرنا ہوں گی

لاہور (خبر نگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ یتیم بچوں کا دن ہمیں معاشرتی ذمہ داریوں کا احساس دلاتا ہے۔ یتامیٰ کے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کیلئے اجتماعی کوششیں کرنا ہوں گی۔ یتیم بچوں کو والدین دینا ہمارے اختیار میں نہیں لیکن ہم انہیں تعلیم دے سکتے ہیں۔ یتامیٰ کے دن کی مناسبت سے جاری کئے جانے والے اپنے پیغام میں وزیر تعلیم نے مزید کہا کہ یتیم بچے صرف اظہار ہمدردی کا دن نہیں، ہمیں مل جل کر ان کی تعلیمی کفالت کا فرض بھی ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سماج میں ایسے بہت سے بچے ہیں جو ماں باپ کے سائے سے محروم ہیں۔ ان کی کفالت کی ذمہ داری ہم سب پر عائد ہوتی ہے۔ ہمیں ان بچوں کو تعلیم دلوانے کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہم سب مل کر ایسا معاشرہ تشکیل دیں جہاں کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔

پنجاب کی متعدد جیلوں میں افطاری ناقص اشیاء سے دی جانے کا انکشاف

آئی جی جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر کا اچانک سنٹرل جیل گوجرانوالہ کا دورہ

لاہور (فرید بلوچستان سے) پنجاب کی متعدد جیلوں میں افطاری ناقص اشیاء سے دی جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ آئی جی جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر کا اچانک سنٹرل جیل گوجرانوالہ کا دورہ۔ 2 بیکار ڈالنے کرنے کی ہدایت۔ 30 سال سے کم قیدیوں کو پڑھنے پر سختی سے عمل درآمد کا حکم بیرا قیدیوں کو فری جائے گا۔ سنٹرل جیل میں نصب آگ بجھانے کے آلات درست طریقے سے نہ چلانے پر دو اہلکاروں کو معطل گوجرانوالہ:

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 17 مارچ 2025ء

بنیادی مراکز صحت کی نجکاری کیخلاف ملازمین کا احتجاج

احتجاجی مظاہریں کا پنجاب حکومت کے خلاف نعرے بازی مظاہریں نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھار کھے تھے



شکرگڑھ (عمران عارف سے) نارووال بنیادی مراکز صحت کی نجکاری کے خلاف ملازمین کا وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ احسن اقبال کے ڈیرے کے باہر احتجاجی مظاہریں نے احسن اقبال کے ڈیرے کے داخلی اور سڑک کا بلاک کر دیا احتجاجی مظاہرے میں مراکز صحت کی خواتین اپنے بچوں کے ساتھ احسن اقبال کے ڈیرے کے باہر دھرنا احتجاج مظاہری ینگ ڈاکٹر کے صدر ڈاکٹر ریحان گوہر کی مظاہرین سے اظہار یکجہتی کے لئے شرکت ہم ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے آئے ہیں صدر ینگ ڈاکٹر ایسوسی ایشن ڈاکٹر ریحان گوہر حکومت کو چاہیئے کہ مزید نوکریاں پیدا کریں نہ کہ پہلے والی چھین لیں احتجاجی مظاہریں کا پنجاب حکومت کے خلاف نعرے بازی مظاہریں نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے ہیں (آوٹ سورس) کے نام سے ملازمین کا جو معاشی قتل کیا جا رہا ہے اس بند کیا جائے (آوٹ سورس) کا لفظ استعمال کر کے عوام اور ملازمین کو بیوقوف بنایا جا رہا ہے احتجاجی مظاہری ں بنیادی مراکز صحت کو ٹھیکے پر دینے سے 50 سے 60 ہزار ملازمین بیروزگار ہو جائیں گے احتجاجی مظاہرین آپ کے چچا میاں شہباز شریف نے 2014 میں ان ملازمین کو نوکری دی آپ ان کو بیروزگار کر رہی ہیں آپ کے چاچو کی پالیسی غلط تھی یا آپ کی پالیسی غلط ہے؟ آپ کو سختی لگوانے کو جو شوق ہے وہ اپنے پیسوں سے لگوائیں عوام کے پیسوں سے نہ لگوائیں پولیس کی بھاری نفری موقع پر موجود تھی۔

پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ممتاز دانشور ملک صلاح الدین ڈوگر مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ممتاز دانشور ملک صلاح الدین ڈوگر مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے مرحوم کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں جنڈیالہ روڈ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں محکمہ پولیس کے افسران سابق وفاقی وصوبائی وزراء ارکان قومی و صوبائی اسمبلی سرکاری افسران سیاسی مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں تاجروں صحافیوں وکلاء علماء و مشائخ و دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

ماہ صیام ہمیں صبر اور تزکیہ نفس کا درس دیتا ہے: ڈاکٹر رمیشہ

روزہ دار بیماریوں سے بچے رہیں گے بلکہ روزہ کا بنیادی مقصد بھی پورا ہو سکے گا

جھنگ (بیورو رپورٹ) علی احمد خاں ہسپتال کی ایمرجنسی سابقہ میڈیکل آفیسر محترمہ ڈاکٹر رمیشہ نورین نے کہا ہے کہ ماہ صیام ہمیں صبر اور تزکیہ نفس کا درس دیتا ہے - میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ اب تو جدید میڈیکل سائنس نے بھی اس پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے کہ روزہ رکھنا نا صرف انسانی صحت کے لئے فائدہ مند ہے بلکہ اس میں بہت سی بیماریوں کا علاج بھی پوشیدہ ہے - ڈاکٹر رمیشہ نورین نے مزید کہا کہ رمضان میں روزہ رکھتے ہوئے بھی ہمیں اس بات کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہیے کہ سحری و افطاری میں خوراک کے استعمال میں احتیاط برتیں - ان کا کہنا تھا کہ تمام دن بھوکا پیاسا رہنے کے بعد شام میں دوران افطاری چٹ پٹی اشیاء کا استعمال صحت کے لئے نقصان دہ ہو سکتا ہے اس لئے ایسی غذا کا استعمال کیا جائے حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق ہو اس سے نا صرف صحت بہتر رہے گی اور روزہ دار بیماریوں سے بچے رہیں گے بلکہ روزہ کا بنیادی مقصد بھی پورا ہو سکے گا۔

میاں خالد محمود کی خوشامن مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سابق صوبائی وزیر اور آئی پی پی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل میاں خالد محمود کی خوشامن مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئیں جنہیں مقامی قبرستان میں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں سابق وفاقی وصوبائی وزراء ارکان قومی و صوبائی اسمبلی سرکاری افسران سیاسی مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں تاجروں صحافیوں وکلاء علماء و مشائخ و دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

چوہدری حاجی محمد اعجاز صاحب صدر پریس کلب رجسٹرڈ عارفوالہ کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد



عارف والا تحصیل کرائم رپورٹر (امیر احمد خان سے) چوہدری حاجی محمد اعجاز صاحب صدر پریس کلب رجسٹرڈ عارفوالہ کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر (ایڈووکیٹ صدر بار شکیل عالم اعوان صاحب) پی ٹی ائی تحریک انصاف سابقہ ایم پی اے چوہدری محمد نعیم ابراہیم صاحب سابقہ چیئرمین پریس کلب رجسٹرڈ عارف والا راؤ کامران خان سینئر صحافی امیر احمد خان سینئر صحافی نیاز احمد جٹ سینئر صحافی شہزاد خان اور دیگر دوست احباب نے پھولوں کی مالائیں پہنا ئی خوشی کا اظہار کیا اور مبارک باد پیش کی

سٹی رائیونڈ میں آل پاکستان تاجدار ختم نبوت مہم کا باقاعدہ افتتاح

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) سٹی رائیونڈ میں آل پاکستان تاجدار ختم نبوت مہم کا باقاعدہ افتتاح، چند ماہ قبل ختم نبوت مہم کی بنیاد مہر حمزہ قصوری نے رکھی مقررین نے کہا مہم چلانے کا مقصد اپنی موجودہ اور آنے والی نسل کو فتنہ قادیانیت سے آگاہ کرنا ہے ہمارا مقصد ہر گھر، ہر گلی، ہر چوراہے ختم نبوت کا چرچہ کرنا اور فتنہ قادیانیت سے مسلمانوں کو آگاہ کرنا ہے، ختم نبوت مہم کی صدارت سابقہ ضلعی امیر لاہور سید نذیر حسین شاہ اور تشہیر امیر المجاھدین، ڈاکٹر شاہد گجر نے کی مہم کی میزبانی ٹکٹ ہولڈر PP 165 الحاج محمد عرفان راؤ، پیر سید رفاقت حسین شاہ، سینیر رہنما تحریک لبیک سٹی رائیونڈ عمران قادری اور حافظ عتیق نے کی اور آل پاکستان تاجدار ختم نبوت مہم کا مرکزی دفتر سٹی رائیونڈ کو بنا دیا گیا۔

''دھی رانی پروگرام'' عید کے بعد دوسرا مرحلہ شروع ہوگا

مزید 1500 شادیوں کے لیے درخواستوں کی وصولی کا آغاز کر دیا گیا ہے

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے پنجاب دھی رانی پروگرام کے پہلے کامیاب مرحلے کے بعد عید الفطر کے بعد دوسرا مرحلہ شروع کیا جا رہا ہے اور مزید 1500 شادیوں کے لیے درخواستوں کی وصولی کا آغاز کر دیا گیا ہے پنجاب دھی رانی پروگرام کے لیے درخواستیں آن لائن جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ یہ درخواستیں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر کے ضلع آفس میں بھی جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ یہ بات صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت نے سی ایم پنجاب دھی رانی پروگرام کے چھٹے ویڈیو لنک سٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیٹر محمد شفیق، اے سی جی فرخ حمود جتوعہ، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ارشاد وحید و دیگر کمشنر دفتر میں شریک تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے 1312 ہیلپ لائن بھی قائم کر دی گئی ہے۔ پنجاب دھی رانی پروگرام کے تحت اجتماعی شادیوں میں دولہا دلہن، ان کے قریبی عزیز و اقارب کھانا حکومت پنجاب کی طرف سے دیا جائے گا اس کے علاوہ حکومت پنجاب کی جانب سے جوڑوں کو نئی زندگی کی شروعات پر فرنیچر، کپڑوں سمیت دیگر ساز وسامان کے تحائف سمیت اے ڈی ایم کے ذریعہ ایک لاکھ روپے سلامی بھی دی جائے گی۔ اس حوالے سے وزیراعلیٰ مریم نواز کا کہنا ہے کہ پنجاب کی ہر بیٹی سے محبت ہے اور ان کے گھر بسانے پر دلی خوشی ہوتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بیٹیوں کے سر پر دست شفقت رکھنا پنجاب کی ریت ہے۔

ریجن پولیس گوجرانوالہ اور تھیلیسیمیا میڈیکل لیب کے درمیان معاہدہ

ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ اور چیف ایگزیکٹو تھیلیسیمیا میڈیکل لیب علی حسنین نے معاہدہ پر دستخط کئے



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ریجنل پولیس گوجرانوالہ اور تھیلیسیمیا میڈیکل لیب انتظامیہ کے مابین ایک معاہدہ طے پایا معاہدہ کے تحت تھیلیسیمیا میڈیکل لیب میں پولیس جوانوں اور اہلکاروں کو میڈیکل ٹیسٹوں میں خصوصی رعایت فراہم کی جائیگی۔ جبکہ شہداء پولیس کے اہل خانہ کے تمام میڈیکل ٹیسٹ تھیلیسیمیا میڈیکل لیب مکمل طور پر فری کرے گی۔ اسی سلسلہ میں آر پی او آفس میں تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ اور چیف ایگزیکٹو تھیلیسیمیا میڈیکل لیب علی حسنین نے معاہدہ پر دستخط کیے۔ آر پی او نے کہا کہ گوجرانوالہ پولیس فورس کا مورال بلند کرنے کے لیے ان کے اٹھانہ کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کا آغاز کیا گیا ہے، اسی ضمن میں کیپٹل میڈیکل لیب کی خدمات حاصل کی گئی ہیں جو کہ انتہائی معقول نرخوں پر گوجرانوالہ پولیس ملازمین اور انکے اہل خانہ کو میڈیکل ٹیسٹ کی سہولیات فراہم کرے گی۔ آر پی او نے مزید کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے والے پولیس اہلکار مزید مثالی سہولیات کے حقدار ہیں اس حوالے سے ریجن بھر کے دیگر اداروں سے بھی معاہدے کئے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو تھیلیسیمیا میڈیکل لیب علی حسنین نے آر پی او کو اپنی لیب کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی بعد ازاں پی او کو یادگاری شیلڈ بھی پیش کی۔

انجمن تاجران گلی حکیماں کے نومنتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری

صدر رانا فاروق اسلم، جنرل سیکرٹری حاجی صدیق، سینئر وائس چیئرمین حاجی میاں ظفر اقبال، میڈیا کوآرڈینیٹر رانا وحید احمد، ڈپٹی فنانس سیکرٹری رانا محبوب و دیگر سے حلف لیا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران گلی حکیماں کے نومنتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت گروپ لیڈر حاجی مظفر نے کی تقریب کے مہمان خصوصی مرکزی انجمن تاجران کے جنرل سیکرٹری ملک پرویز اقبال نے گلی حکیماں کے نومنتخب عہدیداران صدر رانا فاروق اسلم، جنرل سیکرٹری حاجی صدیق، سینئر وائس چیئرمین حاجی میاں ظفر اقبال، میڈیا کوآرڈینیٹر رانا وحید احمد، سینئر نائب صدور خرم شہزاد، شیخ عظیم، شیخ شہزاد، عبدالشکور، ایڈیشنل جوائنٹ سیکرٹری عارف حسین گوگا، ڈپٹی فنانس سیکرٹری رانا محبوب و دیگر سے حلف لیا، اس موقع پر مرکزی انجمن تاجران کے صدر میاں ذیشان پرویز، سینئر نائب صدر خورشید چوہدری و دیگر تاجر رہنما اور نمائندہ شخصیات افراد موجود تھے، حلف برداری کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ملک پرویز اقبال نے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مرکزی انجمن تاجران نے ذیلی تاجر تنظیموں کا ہمیشہ ساتھ دیا ہے اور آئندہ بھی انہیں ہمارا بھرپور تعاون حاصل رہے گا ان شاء اللہ نومنتخب عہدیداران گلی حکیماں کے تاجروں کی فلاح و بہبود یقینی بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے صدر رانا فاروق اسلم نے کہا کہ تاجر برادری نے اپنے درپیش مسائل کے حل کی خاطر ہمیں جدوجہد کی جو ذمہ داری سونپی ہے اسے ہر صورت پورا کیا جائے گا ہم تاجر بھائیوں کو ہرگز مایوس نہیں کریں گے تاجر برادری کی فلاح و بہبود کیلئے مربوط ایجنڈہ مرتب کر رکھا ہے جس کی تکمیل میں شکست خوردہ گروپ کو بھی ساتھ لیکر چلیں گے ہماری مقابلہ بازی انتخابات تک محدود تھی اسکے بعد ہمارا کوئی مقابلہ نہیں بلکہ ہم تمام تاجروں کے خدمتگار ہیں تاجروں میں اتحاد و اتفاق کا فروغ ہماری کلیدی ترجیح ہے۔

ماڈل ٹاؤن پارک دلکشی وخوبصورتی کا اچھوتا شاہکار ہے: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

فشنگ کا عمل عیڈ سے قبل مکمل ہو جائیگا ۔کنوینئر اتحاد گروپ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ماڈل ٹاؤن پارک کو اسٹیٹ آف دی آرٹ طرز بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں فشنگ کلا کام عید سے قبل مکمل ہوگا۔ چیوٹ سیالکوٹ کا اپنی سالگرہ کے دن بھی پارک کی فشنگ کی نگرانی کیلئے وزٹ۔ ماڈل ٹاؤن پارک اگو کی کو دلکش اور اچھوتا شاہکار بنانے کے لیے کام تیزی سے جاری ہے کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی مس عمران اور دوسرے سٹاف کے ہمراہ پارک کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا اور ہدایات جاری کیں کہ جس قدر بھی ممکن ہو سکے پارک کو دلکش، سین، سرسبز و شاداب بنایا جائے بچوں کے کھیل کود کے لیے پنگوڑے، پینگیں جھولے اور آرٹیفیشل جانوروں کی فشنگ کے کاموں پر خصوصی توجہ دے کر آرٹ کا نمونہ بنایا جائے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ عید الفطر کے موقع پر بچوں اور فیملیز کیلئے پارک ایک آرٹ کا نمونہ ہوگا جس میں بچے کھیل کود کے ساتھ ساتھ اپنی ذہنی نشوونما بھی حاصل کر سکیں گے ممبران ہماری کمیٹی ہیں اور ہمارا نعرہ دی آرٹیکل ہے بچوں کے لیے پارک کے اندر ایسے دلکش نظارے ہوں گے کہ ضلع سیالکوٹ میں ایسا پارک نہیں مل پائے گا۔

انجمن تاجران گلی حکیماں کے نومنتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری

صدر رانا فاروق اسلم، جنرل سیکرٹری حاجی صدیق، سینئر وائس چیئرمین حاجی میاں ظفر اقبال، میڈیا کوآرڈینیٹر رانا وحید احمد، ڈپٹی فنانس سیکرٹری رانا محبوب و دیگر سے حلف لیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران گلی حکیماں کے نومنتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت گروپ لیڈر حاجی مظفر نے کی تقریب کے مہمان خصوصی مرکزی انجمن تاجران کے جنرل سیکرٹری ملک پرویز اقبال نے گلی حکیماں کے نومنتخب عہدیداران صدر رانا فاروق اسلم، جنرل سیکرٹری حاجی صدیق، سینئر وائس چیئرمین حاجی میاں ظفر اقبال، میڈیا کوآرڈینیٹر رانا وحید احمد، سینئر نائب صدور خرم شہزاد، شیخ عظیم، شیخ شہزاد، عبدالشکور، ایڈیشنل جوائنٹ سیکرٹری عارف حسین گوگا، ڈپٹی فنانس سیکرٹری رانا محبوب و دیگر سے حلف لیا، اس موقع پر مرکزی انجمن تاجران کے صدر میاں ذیشان پرویز، سینئر نائب صدور خرم شہزاد، شیخ عظیم، شیخ شہزاد، عبدالشکور، ایڈیشنل جوائنٹ سیکرٹری عارف حسین گوگا، ڈپٹی فنانس سیکرٹری رانا محبوب و دیگر سے حلف لیا، اس موقع پر مرکزی انجمن تاجران کے جنرل سیکرٹری ملک پرویز اقبال نے گلی حکیماں کے نومنتخب عہدیداران صدر رانا فاروق اسلم، جنرل سیکرٹری حاجی صدیق، سینئر وائس چیئرمین حاجی میاں ظفر اقبال، میڈیا کوآرڈینیٹر رانا وحید احمد، سینئر نائب صدور خرم شہزاد، شیخ عظیم، شیخ شہزاد، عبدالشکور، ایڈیشنل جوائنٹ سیکرٹری عارف حسین گوگا، ڈپٹی فنانس سیکرٹری رانا محبوب و دیگر سے حلف لیا، اس موقع پر مرکزی انجمن تاجران کے جنرل سیکرٹری ملک پرویز اقبال نے گلی حکیماں کے نومنتخب عہدیداران صدر رانا فاروق اسلم، جنرل سیکرٹری

وفاقی وزیر احسن اقبال کا رائیونڈ کینسر ہسپتال کا دورہ

جدید سہولیات اور بہترین خدمات کی تعریف وفاقی وزیر احسن اقبال نے رائیونڈ کینسر ہسپتال کا دورہ کیا، جہاں انہیں پروفیسر ڈاکٹر کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا



رائیونڈ (عبدالرزاق سید سے) وفاقی وزیر احسن اقبال کا رائیونڈ کینسر ہسپتال کا دورہ جدید سہولیات اور بہترین خدمات کی تعریف وفاقی وزیر احسن اقبال نے رائیونڈ کینسر ہسپتال کا دورہ کیا، جہاں انہیں پروفیسر ڈاکٹر کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر شیر یار نے ہسپتال میں حال ہی میں شامل کی گئی اربوں روپے کی جدید مشینری اور طبی سہولیات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ہسپتال میں کینسر کے مریضوں کا مکمل علاج مفت کیا جاتا ہے، جس میں ادویات کی فراہمی بھی شامل ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر نے مزید وضاحت کی کہ ہسپتال کی تمام فنڈنگ پاکستانی عوام کے تعاون سے حاصل کی جاتی ہے، اور الحمدللہ، یہاں 100 فیصد مفت علاج فراہم کیا جا رہا ہے۔ احسن اقبال نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں سے ملاقات کی اور ان سے علاج معالجے کے حوالے سے تفصیلات حاصل کیں۔ مریضوں نے ڈاکٹروں اور عملے کی بہترین دیکھ بھال اور ہسپتال میں صفائی ستھرائی کے اعلیٰ معیار کی تعریف کی۔ اس موقع پر احسن اقبال نے کہا کہ یہ پاکستان کا واحد کینسر کیئر ہسپتال ہے جہاں مکمل علاج بلا معاوضہ فراہم کیا جا رہا ہے، جو ایک قابل تحسین اقدام ہے۔ انہوں نے ہسپتال کے لیے مالی تعاون بھی پیش کیا اور ڈاکٹروں کی بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

بنیادی مراکز صحت اور رورل ہیلتھ سنٹرز کی نجکاری کیخلاف محکمہ صحت کے ملازمین سراپا احتجاج

تیصلے کو ملازمین کا معاشی قتل قرار دیتے ہوئے واپس لینے کا مطالبہ کر دیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) پنجاب حکومت کی جانب سے بنیادی مراکز صحت اور رورل ہیلتھ سنٹرز کی نجکاری کے اعلان کے بعد محکمہ صحت پنجاب کے ملازمین سراپا احتجاج ہیں اور ملازمین کی جانب سے حکومت سے فی الفور فیصلہ واپس لینے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے، پنجاب رورل ہیلتھ ایمپلائز ایسوسی ایشن کی ہدایات پر بنیادی مراکز صحت اور رورل ہیلتھ سنٹرز کی نجکاری کیخلاف محکمہ صحت چکوال کے ملازمین نے بھی گزشتہ روز ہی ای او ہیلتھ آفیسر چکوال آفس کے سامنے پر امن احتجاج کیا جس میں ضلع بھر سے محکمہ صحت کے ملازمین سمیت تحصیل چوآسیدن شاہ سے صدر پیرامیڈیکس یونین تحصیل چوآسیدن شاہ چوہدری ابرار گجر، ڈسپنسر راشد محمود، ملک صادق اعوان، ڈسپنسر حسن علی، ڈسپنسر علی بلال، ڈسپنسر نعمان آڑہ، ڈسپنسر وجاحت، ڈسپنسر بابر سلطان اور تحصیل چوآسیدن شاہ کے ہیلتھ سٹاف نے بھی شرکت کی، اس موقع پر احتجاج میں شریک ملازمین نے پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر بنیادی مراکز صحت اور رورل ہیلتھ سنٹر کی نجکاری کیخلاف نعرے درج تھے۔

نبی اکرم کی ناموس و رسالت مسلمان کے ایمان کی بنیاد و پہچان ہے: مذہبی سکالر

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) نبی اکرم کی ناموس و رسالت مسلمان کے ایمان کی بنیاد و پہچان ہے حکومت پاکستان نے اسلاموفوبیا کے حوالے سے عالمی سطح پر بھرپور اور مؤثر کردار ادا کیا ہے جعفر ایکسپریس کے یرغمالیوں کو رہا کروانے اور دہشتگردوں کو جہنم رسید کرنے پر افواج پاکستان اور پیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں عالمیہ دہشتگردی کی لہر کو روکنے اور ملوث عناصر کا قلعہ قمع کرنے کیلئے پاکستانی افواج اور پیکورٹی سلامتی کے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں ان خیالات کا اظہار مہتمم و خطیب مرکز توحید وسنت جامعہ ریاض نوجوان مذہبی سکالر صاحبزادہ مولانا محمد حسان صدیقی چیئرمین متحدہ علماء فورم، بزرگ شخصیت سفیر امن الحاج حافظ محمد شعبان صدیقی نے اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن کے موقع پر ''تحفظ ناموس رسالت سیمینار'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

پیشہ ور بھکاریوں کے جتھوں نے ذمہ داریاں سنبھال لیں

بین الاضلاعی بھکاریوں نے ڈسکہ اور اس کے نواحی علاقوں کا رخ کر لیا ہے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) آدھا رمضان المبارک گزرنے کے بعد شہر و نواحی علاقوں میں پیشہ ور بھکاریوں کے جتھوں نے ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں، بین الاضلاعی بھکاریوں نے ڈسکہ اور اس کے نواحی علاقوں کو ٹارگٹ کر لیا ہے تاکہ زکوٰۃ، فطرانہ صدقہ خیرات، بٹور کر مقامی مستحق افراد کے حقوق پر ڈاکہ ڈال سکیں، تفصیلات کے مطابق بھکاریوں کے خلاف قانون پاس ہونے کے باوجود ماہ رمضان المبارک میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کاروائیاں کرنے کی بجائے خاموشی اختیار کر رکھی ہے جس کی وجہ سے بین الاضلاعی بھکاریوں نے ڈسکہ اور نواحی علاقوں کا رخ کر رکھا ہے، بھکاری معصوم بچوں کو جھولیوں میں ڈال کر نمازوں، تراویح اور نماز جمعہ کے دوران مساجد کے دروازوں پر محاذ قائم کر لیتے ہیں اور نمازیوں کو بھیک مانگنے کیلئے گھیر لیتے ہیں اور صبح سے رات گئے تک شہر و گردونواح میں چھوٹے چھوٹے معصوم بچے چوکوں چوراہوں، سول ہسپتال کچہری بازاروں مارکیٹوں سمیت مختلف علاقوں میں بھیک مانگتے نظر آتے ہیں چھوٹی بچیاں اور بچوں سمیت بڑی عمر کی بھکارنیں بھی بھیک مانگتی نظر آتی ہیں خریداری کے لئے آنے والے شہریوں کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ بازار میں بھکاریوں کی وجہ سے خریداری کرنا بھی انتہائی مشکل ہو گیا ہے بھکاری گروہوں کی شکل میں بازاروں میں گھوم رہے ہوتے ہیں اگر کسی ایک پر ترس کھا کر پیسے دے دیئے جائیں تو بھکاری گروہ بازار میں چلنا پھرنا مشکل بنا دیتے ہیں بھکاریوں میں زیادہ تر تعداد نوجوان لڑکیوں، خواتین اور بچوں کی ہوتی ہے ان نام نہاد بھکاریوں کی وجہ سے چوری چکاری اور سٹریٹ کرائم میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔

ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا دوسرا اجلاس ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال کی زیر صدارت ڈی سی آفس کمیٹی روم میں منعقد ہوا

ٹریفک پولیس، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، کسٹمز، کینٹونمنٹ بورڈ، سول ڈیفنس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مقامی حکام اور نمائندگان نے شرکت کی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا دوسرا اجلاس ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال کی زیر صدارت ڈی سی آفس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کرنل محمد عمیر، ایس پی انویسٹی گیشن عثمان منیر سیفی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر سمیت ایف آئی اے، لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ، ٹریفک پولیس، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، کسٹمز، کینٹونمنٹ، سول ڈیفنس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مقامی حکام اور نمائندگان نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ایف آئی اے کے مقامی حکام کو ہدایت کی کہ ضلع سیالکوٹ سے غیر قانونی طریقوں سے بیرون ملک جانے سے روکنے کیلئے آگاہی مہم چلائی جائے اور اس انسانی اسمگلنگ کے گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کے بیچ کنی عملی اقدامات کئے جائیں۔ اسی طرح ٹریفک پولیس کالجز میں زیر تعلیم طلباء و طالبات کو ٹریفک قوانین کے بارے میں جامع آگاہی کیلئے پروگرام کا انعقاد کریں اور ان کو اوور سپیڈ سے ہونے والے نقصانات سے کے بارے میں بتایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کم عمر، بغیر لائسنس کے ڈرائیونگ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے ڈپٹی کمشنر نے ضلع سیالکوٹ میں گداگری کے خلاف جاری مہم کو مزید تیز کی ہدایت کی اور کہا پولیس، انجمن تاجران اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ مکمل اس مہم کامیاب بنائیں۔ انہوں نے 300 بھکاریوں کے خلاف ویگرنسی ایکٹ کے تحت 300 بھکاریوں کو گرفتار کیا گیا ہے جبکہ 25 کے خلاف ایف آئی اے بھی درج کروائی گئی ہے تاہم ضرورت اس امر کی کہ گرفتاری کے بعد بھی بھیک مانگنے سے بعض نہ آنے والوں کے خلاف مقدمات درج کروائے جائیں اور ہاٹ سپاٹ کی بلاناغہ چیکنگ کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے چیف آفیسر ضلع کونسل، میونسپل آفیسر کارپوریشن/کینٹونمنٹ بورڈ کی جانب سے بجلی کی مد میں گھپلے کو فوری بلوں کی ادائیگی کیلئے اپنے واجبات کی ریکوری تیز کرنے کی ہدایت کی۔

یوم تحفظ ناموس رسالت: اللہ تعالیٰ نے ہمارے محبوب آقا خاتم النبیین کو تمام مخلوقات میں سب سے افضل بنایا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) یوم تحفظ ناموس رسالت اللہ تعالیٰ نے ہمارے محبوب آقا خاتم النبیین کو تمام مخلوقات میں سب سے افضل بنایا، آپ جیسی پیاری ہستی نہ پہلے کبھی آئی ہے اور نہ قیامت کی صبح تک آئے گی۔ آپ سے محبت کرنا، آپ کے مقام و مرتبہ کا دفاع کرنا، آپ کے تاج ختم نبوت کا تحفظ کرنا ہر مسلمان کا اولین فریضہ ہے، حکومت پاکستان کی جانب سے 15 مارچ یوم تحفظ ناموس رسالت کے طور پر منانے کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے، جو کہ انتہائی خوش آئند اور قابل ستائش امر ہے، آج شیرانوالہ باغ کے باہر شان ختم نبوت گوجرانوالہ کے زیر اہتمام یوم تحفظ ناموس رسالت آگاہی کیمپ کا اہتمام کیا گیا، جس میں مہمان خصوصی پاکستان شریعت کونسل کے امیر مولانا زاہد الراشدی نے تمام مسلم حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ مذہبی اور مذہبی شخصیات کی توہین کو بین الاقوامی سطح پر جرم تسلیم کرانے کے لیے او۔آئی۔سی کے فورم سے آواز اٹھائی جائے اور اسے اپنے عالمی ایجنڈے کا حصہ بنایا جائے، بین الاقوامی ادارے مذہب اور مذہبی شخصیات کی توہین کو جرائم کی فہرست سے خارج کرنے اور پاکستان میں ناموس رسالت کے تحفظ کا قانون ختم کرنے کا مطالبہ کر رہی ہیں جو ناانصافی کی انتہا ہے دنیا کے ہر ملک میں سبھی شہری کی توہین کو جرم تسلیم کیا جاتا ہے اور اس کی کوئی نہ کوئی سزا مقرر ہے مگر حضرات انبیا کرام علیہم السلام اور دیگر مذہبی شخصیات کی توہین کو آزاد رائے اور آزاد مذہب کے نام پر حقوق میں شامل کیا جا رہا ہے۔

تحصیل رائیونڈ کے مین روڈز ٹوٹ پھوٹ اور بدحالی کا شکار

سنگین مسئلے کے حل کے لیے متعدد بار مقامی سیاسی وسماجی اور صحافتی حلقوں کی جانب سے مطالبات کیے گئے۔ شہری



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) تحصیل رائیونڈ کے مین روڈز ٹوٹ پھوٹ اور بدحالی کا شکار روزمرہ کا سفر کرنے والے لوگوں سمیت سکول کالج کے طلباء وطلبات کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، آئے دن حادثات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ مین لاہور روڈ، سندر روڈ گزشتہ کئی ماہ سے شدید خستہ حالی اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، جس کی وجہ سے عوام سمیت سکول کالج جانے والے بچے بچیوں کو روزمرہ سفر میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سڑک پر جگہ جگہ بڑے بڑے گڑھے پڑ چکے ہیں، جس کی وجہ سے نہ صرف گاڑیوں کی الائنمنٹ خراب ہو رہی ہے بلکہ ٹائر بھی تی

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ترجمان پاک فوج کی سانحہ جعفر ایکسپریس پر چشم کشا میڈیا ٹاک

بلوچستان میں جعفر ایکسپریس پر دہشت گردی کے سانحہ کی تفصیلات اور حقائق جیسے جیسے سامنے آ رہے ہیں اتنا ہی اس سانحہ پر قومی درد میں اضافہ ہو رہا ہے اور دہشت گردی کیخلاف پاک فوج اور دوسری سیکورٹی فورسز کی قربانیوں پر قوم کے دلوں میں انکی قدر بڑھ رہی ہے۔ پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے گزشتہ روز اپنی پریس بریفنگ میں جعفر ایکسپریس کے سانحہ کی تفصیلات بتاتے ہوئے انکشاف کیا کہ دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے 26 مسافروں میں 18 فوجی اور ایف سی اہلکار بھی شامل ہیں۔ اس سے بادی النظر میں یہی حقیقت کھل کر سامنے آتی ہے کہ دہشت گردوں کو پہلے سے ہی علم تھا کہ جعفر ایکسپریس میں پاک فوج کے جوان بھی سفر کر رہے ہیں اس لئے انہوں نے ٹرین اغوا کرنے کے بعد مسافروں کو نیچے اتارا تو ان میں شامل جوانوں کی شناخت کر کے انکی ٹارگٹ کلنگ کرتے رہے ہیں جس کا مقصد ملک کے اندرونی طور پر کمزور ہونے کا تاثر اجاگر کرنے کا ہے۔ یہ ایجنڈا پاکستان کے کسی محب وطن شہری تنظیم یا گروہ کا ہرگز نہیں ہو سکتا کیونکہ پاکستان کی سلامتی کمزور کرنے کے شروع دن کے عزائم تو صرف بھارت کے ہیں جو اس مقصد کیلئے موقع کی ہمہ وقت تاک میں رہتا ہے اور پاکستان پر باقاعدہ تین جنگیں مسلط بھی کر چکا ہے۔ وہ اپنی پروردہ عسکری تنظیم مکتی باہنی کی معاونت سے پاکستان کو دولخت بھی کر چکا ہے۔ سانحہ سقوط ڈھاکہ کے بعد بھارت نے باقیماندہ پاکستان کی سلامتی تاراج کرنے کی سازشوں کا سلسلہ بھی شروع کر دیا اور اس مقصد کیلئے 1974 میں ایٹمی ٹیکنالوجی حاصل کر لی۔ جب پاکستان نے ان بھارتی سازشوں کا خود کو ایٹمی قوت بنا کر توڑ کیا تو بھارت نے کشمیر کے راستے پاکستان آنیوالے دریاؤں پر کنٹرول کر کے پاکستان پر آبی دہشت گردی شروع کر دی اور اسکے ساتھ ساتھ اس نے پاکستان کی سلامتی کیخلاف اپنے سازشی نیٹ ورک کا دائرہ پھیلاتے ہوئے پاکستان کے اندر اپنے تربیت یافتہ دہشت گردوں کے ذریعے تخریب کاری خودکش حملوں اور دہشت گردی کی دوسری وارداتوں کا سلسلہ بھی شروع کر دیا۔ یہ امر واقع ہے کہ جب 2005 میں بلوچ قوم پرست لیڈر نواب اکبر بگٹی کی فوجی اپریشن کے دوران ہلاکت ہوئی جس کیخلاف بالخصوص بلوچ نوجوانوں کا ردعمل سامنے آیا تو بھارت نے پاکستان کی سلامتی کیخلاف اپنی سازشیں آگے بڑھانے کیلئے اس موقع کو غنیمت جانا اور بلوچ نوجوانوں کی فنڈنگ اور سرپرستی کر کے بلوچستان میں علیحدگی پسند عسکری تنظیم بی ایل اے کی بنیاد رکھوائی۔ اس تنظیم نے بظاہر نواب اکبر بگٹی کے قتل پر ناراضگی کے اظہار کیلئے اپنے پلیٹ فارم پر بلوچستان میں پرتشدد مظاہروں کا سلسلہ شروع کیا جبکہ بھارت نے پاکستان کی سلامتی کمزور کرنے کے ایجنڈے کے تحت بلوچ نوجوانوں کو علیحدگی کی تحریک کے راستے پر ڈال لیا جنہوں نے درحقیقت بھارتی ایما پر ہی بلوچستان میں تخریب کاری اور ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ شروع کیا اور زیارت میں موجود قائداعظم کی ریذیڈنسی تک پر حملہ کر کے اسے تباہ کیا۔ یہ صورتحال بلاشبہ ریاستی اتھارٹی کیلئے ایک چیلنج تھی چنانچہ بلوچستان میں (ایف سی) فرنٹیئر کانسٹیبلری (کے ذریعے علیحدگی پسند عناصر کیخلاف اپریشن شروع کیا گیا اور وفاقی حکمرانوں کی جانب سے ان علیحدگی پسند بلوچوں کو قومی دھارے میں لانے کی کوششیں بھی کی جاتی رہیں مگر بھارت نے انہیں مختلف ترغیبات دیکر علیحدگی پسندی کے راستے پر لگائے رکھا۔ اسی تناظر میں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے پہلے دور اقتدار میں یہ بڑ ماری تھی کہ پاکستان کو سقوط ڈھاکہ جیسے ایک اور سانحہ سے دوچار کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ چنانچہ اس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں کہ دہشت گرد تنظیم بی ایل اے صرف بھارتی ایجنڈے کے تحت پاکستان کی سلامتی کے خلاف سازشیں کر رہی ہے اور بلوچستان میں دہشت گردی ٹارگٹ کلنگ اور تخریب کاری کی دوسری وارداتوں میں مصروف ہے۔ پاک فوج ان عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کیلئے پرعزم ہے اور اسی بنیاد پر سیکورٹی فورسز کے افسران اور اہلکاروں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ اگر ان اپریشنز کے خلاف سوشل میڈیا پر ملک کے اندر یا باہر سے زہریلا پراپیگنڈا کر کے لوگوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تو ان عناصر کا بھارت سے رابطے میں ہونا بعیداز قیاس نہیں۔ اگر سوشل میڈیا پر جعفر ایکسپریس دہشت گردی کے واقعہ کو افواج پاکستان کو تضحیک کا نشانہ بنانے کیلئے فیک نیوز اور پرانی ویڈیوز کے ذریعے اچھالا گیا ہے تو سوشل میڈیا پر متحرک ایسے لوگوں کے جعفر ایکسپریس کے سانحہ میں ملوث دہشت گردوں اور انکے سہولت کاروں کے ساتھ روابط ثابت ہونے میں بھی کوئی کسر باقی نہیں رہتی۔ ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر نے اپنی پریس بریفنگ میں یہی آئینہ دکھایا ہے کہ جعفر ایکسپریس حملے کا مرکزی سپانسر بھارت ہے اور بھارتی میڈیا آپریفیشل انٹیلی جنس) اے آئی (کے ذریعے جعلی اور پرانی ویڈیو بنا کر پاکستان کیخلاف پراپیگنڈا کرتا رہا ہے جس کا مقصد پاکستان کا تشخص خراب کرنا تھا۔ اگر ایسا ہی زہریلا پراپیگنڈا ملک کی ایک مخصوص سیاسی جماعت کے سوشل میڈیا سیل کی جانب سے کیا گیا ہے تو اس سے متذکرہ جماعت کے متعلقہ لوگوں کے بھارت سے روابط کی ہی تصدیق ہوتی ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے دہشت گردی کے اس واقعہ میں افغانستان کے ملوث ہونے کی بھی تصدیق کی ہے جسے یقیناً بھارت ہی پاکستان کی سلامتی کیخلاف اپنے مقاصد کی تکمیل کیلئے استعمال کر رہا ہے۔ اسی تناظر میں وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے سیکورٹی فورسز کو کامیاب اپریشن پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے باور کرایا ہے کہ دہشت گرد پاکستان کو توڑنا چاہتے ہیں اس لئے بلوچستان کے علیحدگی پسند عناصر کے ساتھ دہشت گردوں جیسا ہی برتاؤ کیا جائیگا۔ بے شک ملک کی سلامتی سے زیادہ ہمیں کوئی چیز عزیز نہیں ہو سکتی اور جو عناصر ملک کی سلامتی کیخلاف گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں چاہے وہ ملک کے اندر ہوں یا ملک سے باہر انکے ساتھ آہنی ہاتھوں سے ہی نمٹا جانا چاہیے جس کیلئے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادتیں پرعزم ہیں۔

بھارت میں انسانی حقوق کی لگاتار پامالی

سکھ تحریک، جسے خالصتان تحریک بھی کہا جاتا ہے، ایک علیحدگی پسند تحریک ہے جو ہندوستان اور پاکستان کے پنجاب کے علاقے میں خالصتان کے نام سے ایک خودمختار سکھ ریاست بنانے کی کوشش کرتی ہے۔ اس تحریک نے 1970 اور 1980 کی دہائیوں میں زور پکڑا، کچھ سکھوں نے ہندوستان سے زیادہ خودمختاری یا آزادی کا مطالبہ کیا۔ اس تحریک کی جڑیں 20ویں صدی کے اوائل میں ہیں، جب سکھ رہنماؤں نے ہندوستان کے اندر پنجاب کے لیے زیادہ خودمختاری کا مطالبہ کرنا شروع کیا۔ تاہم، 1984 میں بھارتی حکومت کے آپریشن بلیو سٹار کے بعد اس تحریک نے نمایاں کرشن حاصل کیا، جس کا مقصد سکھ علیحدگی پسند رہنما جرنیل سنگھ بھنڈرانوالے کو امرتسر کے گولڈن ٹیمپل سے ہٹانا تھا۔ اس آپریشن کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر خونریزی ہوئی اور مندر کو نقصان پہنچا، جس سے سکھوں میں بڑے پیمانے پر غم و غصہ اور احتجاج شروع ہوا۔ خالصتان تحریک مختلف عوامل سے چلتی رہی ہے، بشمول زیادہ خودمختاری کی خواہش،: بہت سے سکھ محسوس کرتے ہیں کہ ہندوستانی حکومت کے اقدامات، خاص طور پر 1984 میں آپریشن بلیو سٹار کے دوران، سکھ برادری کے مفادات کی مناسب نمائندگی نہیں کی جا رہی ہے۔ سکھوں نے تاریخی طور پر 1947 میں ہندوستان کی تقسیم کے دوران۔ ثقافتی اور مذہبی شناخت،: یہ تحریک سکھ ثقافتی اور مذہبی شناخت کو برقرار رکھنے کی خواہش سے بھی چلتی ہے، جسے کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ ہندوستانی قوم پرستی ختم ہو رہی ہے۔ اس تحریک کو تشدد اور عسکریت پسندی کے ادوار سے نشان زد کیا گیا ہے، خاص طور پر 1980 کی دہائی میں۔ تاہم، حالیہ برسوں میں، تحریک بڑی حد تک پرامن رہی ہے، جس میں بہت سے سکھ رہنما سراسر آزادی کے بجائے ہندوستان کے اندر زیادہ خودمختاری اور حقوق کی وکالت کرتے ہیں۔ سکھوں نے دنیا کے مختلف حصوں میں جدوجہد اور چیلنجز کا سامنا کیا ہے، جو اکثر ان کی مذہبی شناخت، ثقافتی طریقوں اور تاریخی تجربات سے متعلق ہیں۔ یہاں کچھ مثالیں ہیں: تقسیم ہند: (1947) تقسیم سے سکھ غیر متناسب طور پر متاثر ہوئے، بہت سے لوگ پاکستان میں اپنے گھر بار چھوڑ کر ہندوستان منتقل ہونے پر مجبور ہوئے۔ آپریشن بلیو سٹار: (1984) امرتسر میں گولڈن ٹیمپل سے سکھ علیحدگی پسندوں کو ہٹانے کے لیے بھارتی حکومت کی فوجی کارروائی کے نتیجے میں کافی خونریزی اور نقصان ہوا۔ امتیازی اور نسل پرستی: سکھوں کو امریکہ، برطانیہ اور کینیڈا سمیت مختلف ممالک میں اکثر اپنی پگڑیوں اور داڑھیوں کے بارے میں غلط فہمیوں کی وجہ سے امتیازی سلوک اور نسل پرستی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ مذہبی آزادی: کچھ ممالک جیسے فرانس اور کیوبیک، کینیڈا میں سکھوں کو اپنے مذہبی طریقوں جیسے پگڑی پہننے پر پابندیوں کا سامنا ہے۔ سکھ نسل کشی 1984 :(1984) میں بھارت میں سکھ مخالف فسادات میں بہت سے سکھ مارے گئے، جسے کچھ سکھ نسل کشی سمجھتے ہیں خالصتان موومنٹ: خالصتان تحریک، جو کہ ایک الگ سکھ ریاست بنانا چاہتی ہے، ہندوستان اور دیگر ممالک میں سکھ برادریوں اور حکومتوں کے درمیان تناؤ کا باعث بنی ہے۔ پنجاب، انڈیا: پنجاب میں سکھوں کو معاشی ترقی، سیاسی نمائندگی، اور ثقافتی تحفظ سے متعلق چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑا افغانستان میں سکھوں کو تشدد، ظلم وستم اور جبری نقل مکانی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ عالمی سکھ ڈائسپورا نے دنیا بھر میں سکھوں کے حقوق اور مفادات کی وکالت میں



اہم کردار ادا کیا ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیمیں: ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ جیسی تنظیموں نے سکھوں کی جدوجہد کو اجاگر کیا ہے اور ان کے حقوق کی وکالت کی ہے کینیڈا اور برطانیہ کی طرح کچھ حکومتوں نے تاریخی ناانصافیوں کے لیے معافی مانگنے سمیت سکھوں کی جدوجہد کو تسلیم کرنے اور ان سے نمٹنے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ ہندوستانی حکومت کے اقدامات، خاص طور پر 1984 میں آپریشن بلیو سٹار کے دوران، سکھ برادری پر ان کے اثرات کے لیے بڑے پیمانے پر تنقید کی جاتی رہی ہے۔ آپریشن، جس کا مقصد سکھ عسکریت پسندوں کو امرتسر میں گولڈن ٹیمپل کمپلیکس سے ہٹانا تھا، اس کے نتیجے میں کافی خونریزی ہوئی اور مندر کو نقصان پہنچا۔ بھارتی حکومت کے اندازوں کے مطابق آپریشن کے دوران 493 شہری اور 83 بھارتی فوجی مارے گئے۔ تاہم، آزادانہ اندازوں کے مطابق شہری ہلاکتوں کی تعداد 5,000 سے 10,000 کے درمیان بہت زیادہ ہے۔ یہ آپریشن سکھ علیحدگی پسندی کے بارے میں بھارتی حکومت کے خدشات اور ایک ممتاز سکھ رہنما جرنیل سنگھ بھنڈرانوالے کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کی وجہ سے ہوا جو پنجاب کے لیے زیادہ خودمختاری کی وکالت کر رہے تھے۔ بھنڈرانوالے اور اس کے پیروکاروں نے گولڈن ٹیمپل کمپلیکس پر قبضہ کر رکھا تھا، جسے وہ اپنی سرگرمیوں کے لیے اڈے کے طور پر استعمال کرتے تھے۔ آپریشن بلیو سٹار شروع کرنے کے بھارتی حکومت کے فیصلے کو اس کے سخت رویے کے لیے بڑے پیمانے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا، جسے بہت سے لوگ سکھ مذہب اور برادری پر حملے کے طور پر دیکھتے ہیں۔ اس آپریشن کو ہندوستانی فوج اور ریاست کے لیے "تباہ کن "قرار دیا گیا ہے، اور اس نے ہندوستانی حکومت اور سکھ برادری کے درمیان کشیدگی کو بہت بڑھا دیا ہے۔ آپریشن بلیو سٹار کے بعد بھارت میں بالخصوص دہلی میں بڑے پیمانے پر سکھ مخالف فسادات ہوئے جس کے نتیجے میں ہزاروں سکھ مارے گئے۔ ان واقعات نے سکھ برادری پر گہرے داغ چھوڑے ہیں اور سکھوں اور بھارتی حکومت کے درمیان جاری کشیدگی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ بھارتی حکومت نے حال ہی میں کئی اہم اقدامات کیے ہیں۔ ایک اہم پیشرفت ہندوستانی آئین کے آرٹیکل 370 کی منسوخی تھی، جس نے ریاست جموں و کشمیر) جے اینڈ کے (کو خصوصی خود مختار حیثیت دی تھی۔ اس تبدیلی نے، جو 1 نومبر 2019 کو نافذ کیا، ریاست کو دو مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں تقسیم کر دیا: جموں و کشمیر اور لداخ ہندوستانی حکومت کے اس فیصلے کو بین الاقوامی تنقید کا سامنا کرنا پڑا ہے، جس میں بہت سے لوگوں نے علاقائی استحکام اور انسانی حقوق کو ممکنہ نقصان کے بارے میں خدشات کا اظہار کیا ہے۔ امریکی حکومت نے خطے میں امن اور انسانی حقوق کے احترام پر زور دیا ہے، جبکہ بھارت کے ساتھ اپنی شراکت داری میں توازن قائم کرنے کی کوشش کی ہے۔ بھارتی حکومت کے اقدامات سے متعلق چند اہم خدشات میں شامل ہیں: مواصلات پر پابندیاں: ہندوستانی حکومت نے جموں و کشمیر میں انٹرنیٹ اور موبائل فون سروسز پر پابندیاں عائد کر دی ہیں، جس کی معلومات اور مواصلات تک محدود رسائی ہے۔ نظر بندیاں اور گرفتاریاں: سیاسی رہنماؤں سمیت سینکڑوں کشمیریوں کو حراست میں لیا گیا یا گرفتار کیا گیا، جس سے انسانی حقوق اور مناسب عمل کے بارے میں خدشات پیدا ہوئے معیشت اور روزمرہ کی زندگی پر اثر: پابندیوں اور حفاظتی اقدامات نے J&K میں معیشت اور روزمرہ کی زندگی کو متاثر کیا ہے، بہت سے کاروبار اور اسکول بند ہیں۔ یہ پیش رفت پاکستان کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات کے ساتھ ساتھ اس کی بین الاقوامی ساکھ پر بھی اہم اثرات مرتب کرتی ہے۔ سکھ برادری کئی دہائیوں سے ہندوستان کے اندر اپنے حقوق کی زیادہ خودمختاری اور تسلیم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ اہم مطالبات میں سے ایک بھارتی آئین کے آرٹیکل 25 میں ترمیم کرنا ہے، جو فی الحال سکھوں کو ایک الگ وجود کے طور پر تسلیم نہیں کرتا، بلکہ ہندوؤں کے حصے کے طور پر کرتا ہے۔ آنند پور صاحب قرارداد، جو 1973 میں منظور کی گئی تھی، سکھ برادری کے وسیع تر خودمختاری کے مطالبات کا خاکہ پیش کرتی ہے، بشمول ایک علیحدہ وطن اور ان کے اپنے معاملات پر زیادہ کنٹرول۔ تاریخی طور پر، سکھ برادری نے بھارتی حکومت کے ہاتھوں دھوکہ دہی کا احساس کیا ہے، جس کا خیال ہے کہ وہ تحریک آزادی کے دوران ان سے کیے گئے وعدوں سے مکر گئی ہے۔ حکومت کے اقدامات، جیسے کہ 1984 میں گولڈن ٹیمپل پر حملہ، نے بداعتمادی اور مایوسی کے ان جذبات میں اضافہ کیا ہے۔ سکھوں کی مایوسیوں میں اہم کردار ادا کرنے والے کچھ اہم مسائل میں شامل ہیں: سکھ محسوس کرتے ہیں کہ ان کی منفرد شناخت اور ثقافت کو ہندوستانی حکومت نے تسلیم یا ان کا احترام نہیں کیا ہے۔ سکھ اپنے معاملات بشمول تعلیم، معیشت اور سیاست پر زیادہ کنٹرول کا مطالبہ کرتے ہیں۔ سکھ محسوس کرتے ہیں کہ وہ معاشی طور پر پسماندہ ہیں اور ہندوستان کی معیشت میں ان کی شراکت کو مناسب طور پر تسلیم نہیں کیا جاتا ہے اور نہ ہی انہیں انعام ملا، سکھوں نے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا سامنا کیا ہے، بشمول تشدد، ماورائے عدالت قتل، اور جبری گمشدگیاں، خاص طور پر 1980 اور 1990 کی دہائیوں کے دوران۔ مجموعی طور پر، سکھ برادری کے زیادہ خودمختاری، پہچان اور احترام کے مطالبات کو بھارتی حکومت کی جانب سے مزاحمت اور مایوسی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

جعفر ایکسپریس کے اغوا کا سانحہ۔۔

سبی سے کوئٹہ کے لئے ٹرین ٹریک کو قریبا انیس سرنگوں میں سے گزرنا پڑتا ہے ان سرنگوں میں چھوٹی بڑی سرنگیں بھی موجود ہیں ابھی گزشتہ روز کوئٹہ سے راولپنڈی کے لیے روانہ ہونے والی جعفر ایکسپریس جب بولان پاس کے علاقے ڈھاڈر کے قریب ایک سرنگ سے گزر رہی تھی تو وہاں بلوچستان لبریشن آرمی کے مسلح لوگوں نے ٹرین اور مسافروں کو یرغمال بنا لیا۔ نو بوگیوں پہ مشتمل ٹرین میں 440 مسافر سوار تھے سرنگ میں ٹرین ٹریک پہ پہلے ایک دھماکہ, پھر فائرنگ کی گئی اور اس کے بعد مسلح افراد بوگیوں میں داخل ہو گئے اور لوگوں کے شناختی کارڈ چیک کرنے شروع کر دیئے اور جن مسافروں سے بی ایل اے کے مسلح افراد کو پرابلم تھی انہیں علیحدہ کرتے رہے اور باقی بزرگوں بچوں اور عورتوں کو جانے کا کہا گیا۔ اسوقت کی صورت حال یہ ہے کہ ملٹری ایکشن میں 33 دہشت گردوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا ہے جبکہ 4 ایف سی کے اہلکار اور اکیس مسافر جان کی بازی ہار گئے۔ باقی مسافروں کو ریسکیو کر لیا گیا ہے جن میں زخمی بھی شامل ہیں۔ اس واقعے کی مزید تفصیل لکھنے سے پہلے کچھ احوال بلوچستان میں بی ایل اے کا وجود اس کی سوچ اور کاروائیوں پہ لکھنا ضروری ہیں۔ بلوچستان لبریشن آرمی جس کا مخفف بی ایل اے لکھا جاتا ہے، نوے کی دہائی میں اس کا وجود ایکشن میں آیا اور اس کو فروغ حاصل ہوا۔ بلوچستان آرمی یہ سمجھتی ہے کہ بلوچستان کے سارے حقوق پاکستان کا ایک صوبہ پنجاب کھا رہا ہے اور ہماری اس محرومی کی ذمہ دار پنجاب ہے کوئٹہ میں بلوچستان میں بسنے والے نان بلوچ لوگوں کی زندگی وہاں تقریبا مشکل اور اجیرن ہو گئی کیونکہ بلوچستان لبریشن آرمی انہیں وہاں سکون سے نہیں رہنے دیتی اور گاہے بگاہے وہاں لوگوں کو نان بلوچ کے نام پہ قتل کیا جاتا ہے جن میں کوئٹہ شہر کی ڈھاڑ سبی یہاں متعدد ایسے واقعات رونما ہوئے ہیں جن میں نان بلوچ لوگوں کو قتل کیا جاتا ہے جن میں مزدور دکاندار نائی اور لیبر طبقات کے لوگ شامل ہیں جو وہاں روزگار کے سلسلے میں رہ رہے ہیں۔ اگر آپ کو یاد ہو آج سے کچھ سال پہلے سبی سے کوئٹہ جاتے ہوئے پنجاب سے جانے والی ایک بس میں سے 14 اگست کی رات چھ مسافروں کو اس بنیاد پہ اتار کے گولیاں ماری گئی کہ ان کے پاس بلوچستان کا شناختی کارڈ نہیں تھا اسی طرح ریلوے سٹیشن سے نکلے چند پنجاب کے مسافروں کو زرغون روڈ کے پاس گولیوں سے مارا گیا تھا۔ جن مزدوروں کو نوشکی اور کوئٹہ میں مارا گیا وہ بنیادی طور پہ پنجابی زبان نہیں بولتے تھے ان کا تعلق رحیم یار خان ریاست بہاولپور اور سرائیکی دیسب کے علاقے سے تھا مگر بی ایل اے کی لڑائی نان بلوچ ہے اس میں پنجابی سرائیکی ان کی نظر میں سب ایک برابر ہیں۔ نواب اکبر بگٹی بلوچستان میں ایک بڑی سیاسی شخصیت کے طور پر مانے جاتے ہیں اور بلوچ قبائل کے لیے وہ ایک بڑی ہستی کا درجہ رکھتے تھے صدر مشرف نے ان کے خلاف فوجی ایکشن کیا اور انہیں ایک غار میں مارا گیا اس واقعے نے بلوچستان میں نفرت کا نیا باب کھولا اور بی ایل اے اس وقت حرکت میں آ گئی اب یہاں صرف یہ کہنا بھی غلط ہے کہ بی ایل اے صرف نان بلوچوں کے لیے لڑائی لڑ رہی ہے اور اس میں پنجاب کے مزدور اور ہاری اور وہاں کام کرنے والے مستری ذد میں آتے ہیں۔ یہاں بہت عرصہ سے بلوچ اور پشتون کے بھی ایک بڑی لڑائی بلوچستان میں لڑی جا رہی ہے جس کے نتیجے میں 1989 میں بلوچستان کوئٹہ کے معروف ریسٹورنٹ لال کباب کے سامنے پشتون خواہ میپ والوں کے دفتر پر بلوچوں کے ایک حملے میں عبدالرحیم کلیوال جو جنرل سیکرٹری تھے وہ اپنے ساتھیوں کو سمیت وہاں مار دیے گئے اور اس کے بعد 19 دن کوئٹہ میں کرفیو لگا تھا اس سے پہلے ڈبل روڈ کے پل کے اوپر کوئٹہ میں بلوچ سرداروں کے دو نوجوان سیاست دانوں کو فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا ان میں نواب اکبر بگٹی کے نواسے بھی شامل تھے اور اس طرح کے حادثات وہاں رونما ہوتے رہتے ہیں۔ گزشتہ ملٹری آپریشن کے بعد بی ایل اے کا ہدف اب پشتون نہیں ہے اب اپنی



لڑائی کا رخ انہوں نے پنجاب کی طرف کر لیا ہے۔ بلوچوں میں پائی جانے والی یہ نفرت اس حد تک آگے بڑھ چکی ہے کہ چند سال پہلے بلوچوں نے قائد اعظم محمد علی جناح رح کی ریزیڈنسی کو جلا ڈالا تھا جواب دوبارہ اسی شکل میں بنالی گئی ہے مگر جو وہ اس کی اصل ایک تاریخی حیثیت تھی وہ ختم ہو چکی ہے۔ اس کے برعکس ہم یہ بھی بات ضرور کریں گے کہ جب پاکستان کی تحریک زوروں پر تھی تو انگریز تحریک میں حصہ لینے والوں کو کچل رہا تھا تو تب یہ بلوچی تھے جو پہاڑوں اور غاروں میں چھپ کر انگریز کے خلاف پاکستان کے حق میں بندوق اٹھاتے تھے اور انگریزوں کو نقصان پہنچاتے تھے مگر پاکستان بن جانے کے بعد ایک وہ مقام آیا کہ جہاں بلوچوں کو یہ احساس ہوا کہ ہمارے حقوق کو کوئی اور کھا رہا ہے اب اگر یہاں یہ بات بھی کر لی جائے کہ بلوچستان سے نکلنے والی سوئی گیس اسلام اباد اور پاکستان کے دوسرے شہروں میں میسر ہے مگر ایک لمبے عرصے تک وہ بلوچستان کے عوام کو میسر نہیں تھی تو اس طرح کی پالیسیوں سے ایسی بغاوتیں ہی جنم لیتی ہیں۔ موجودہ دور میں جب گوادر کو ترقی دینے کے حوالے سے کوسٹل ہائی وے بنائی گئی اس کی تعمیر کے دوران چینی انجینئرز اور پاکستانی تکنیک کاروں کو وہاں متعدد اوقات میں تعمیر کے دوران نقصان پہنچایا گیا۔ یہ بھی نفرت کی انتہا تھی۔ اب اگر ہم بات کرتے ہیں موجودہ جعفر ایکسپریس کے حادثے کی، اس کے پیچھے وہی 25، 30 سال کی بغاوت، علیحدگی پسندی اور نفرت کا ایک غبار اٹھا ہوا ہے وہی سوچ اس کے پیچھے کارفرما ہے اور اس کے نتیجے میں آج یہ ایک حادثہ رونما ہوا ہے۔ افسوسناک پہلو یہاں ایک یہ بھی ہے کہ ایک ملک کی سرحدوں میں ٹرین کے نظام کو جہاں محفوظ ترین سفر تصور کیا جاتا ہے اس کے 440 مسافر بے یارو مددگار ایک ویران علاقے میں یرغمال بنا لیے جاتے ہیں مگر اسی ملک کے دارالخلافہ میں نہ اس کے بارے میں کوئی ہنگامی صورتحال دیکھنے کو ملتی ہے نہ وہاں کوئی روزمرا کے سیاسی اور انتظامی بزنس میں کوئی ٹھہراو نظر آتا ہے۔ نہ وہاں کسی قسم کا کوئی تاسف کیا جاتا ہے شاید اس کی بڑا بڑی وجہ یہ رہی ہوگی کہ ٹرین میں جو طبقہ سفر کرتا ہے وہ ہمارے ان اکابرین کے طبقہ سے کم تر طبقہ سمجھا جاتا ہے اور اس لیے شاید وہ ان کی بے پرواہی کا شکار بھی ہو رہا ہے البتہ ملٹری ایکشن لیا گیا اور وہ مسافر لوگ جنہیں ان یرغمالیوں نخبہ دروانہ کیا وہ بڑی مشکلات سے محفوظ مقام تک پہنچے اور ابھی بھی بہت سے خدشات وہاں موجود ہیں فائرنگ میں 16 سے زائد لوگ شدید زخمی ہیں جو ہسپتالوں تک پہنچ چکے ہیں ہسپتالوں میں ایمرجنسی کی صورتحال نافذ ہے باقی لوگوں کی بازیابگی کے لیے وہاں کام کیا جا رہا ہے۔ یہاں ہلاکتوں کا بھی خدشہ اپنی جگہ موجود ہے اس ٹرین میں 100 کے قریب ایک حساس ادارے کے لوگ بھی سفر کر رہے تھے اور اس وقت تک یہی لگتا ہے کہ بی ایل اے کا ہدف شاید یہی لوگ ہیں۔ دنیا میں ٹرینوں کو یرغمال بنائے جانے کے اس سے قبل پانچ واقعات ہو چکے ہیں یہ واقع چھٹا ہے ان کی تفصیل کچھ یوں ہے۔ دنیا بھر میں ٹرین اغوا کی پہلا واقعہ 1923 میں لیچٹینگ چین میں سابق فوجیوں شنگھائی گرین گینگ نے ٹرین اغوا کی 25 مغربی مسافروں اور ایک امریکی سینٹر کی بیٹی سمیت 300 مسافر اغوا کر لئے۔ جنہیں 85 ہزار ڈالر تاوان کے بدلے رہا کیا گیا۔ انڈونیشیا کے ملوکنز محاذ نے دوبار 1975 اور پھر 1977 میں ہالینڈ میں علیحدہ ملک کے لئے ٹرینیں اغوا کیں۔ بھارت میں پہلی بار 2009 میں ماوسٹ علیحدگی پسندوں نے جنگل محل کے قریب بھوٹھا صیر راجدھانی ایکسپریس ٹرین اغوا کی۔ 2013؟ میں رائے پور کے قریب سرونا ریلوے سٹیشن کے قریب جان ستابدی ایکسپریس اغوا کر لی تا کہ ایک ہارڈ کور گرفتار مجرم پہندر اسنگھ کو رہا کرایا جا سکے، جعفر ایکسپریس کے اغوا کا یہ دنیا میں چھٹا واقعہ ہے۔ جس میں مشکل ترین علاقے کے باوجود ہماری سیکورٹی فورسز نے اپنی پیشہ وارانہ مہارت سے کامیاب آپریشن کر کے دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا اور سینکڑوں مسافروں کو ریسکیو کیا۔ اللہ کریم اس ملک میں رہنے والوں کے دلوں میں پختہ اس نفرت سے اس ملک کو محفوظ رکھ کیا قائداعظم محمد علی جناح رح کا احسان ہم اس طرح اتاریں گے۔ اس کے 440 مسافر بے یارومددگار ایک ویران علاقے میں یرغمال بنا لیے جاتے ہیں مگر اسی ملک کے دارالخلافہ میں نہ اس کے بارے میں کوئی ہنگامی صورتحال دیکھنے کو ملتی ہے نہ وہاں کوئی روزمرا کے سیاسی اور انتظامی بزنس میں کوئی ٹھہراو نظر آتا ہے۔ نہ وہاں کسی قسم کا کوئی تاسف کیا جاتا ہے شاید اس کی بڑا بڑی وجہ یہ رہی ہوگی کہ ٹرین میں جو طبقہ سفر کرتا ہے وہ ہمارے ان اکابرین کے طبقہ سے کم تر طبقہ سمجھا جاتا ہے اور اس لیے شاید وہ ان کی بے پرواہی کا شکار بھی ہو رہا ہے البتہ ملٹری ایکشن لیا گیا اور وہ مسافر لوگ جنہیں ان یرغمالیوں نخبہ دروانہ کیا وہ بڑی مشکلات سے محفوظ مقام تک پہنچے اور ابھی بھی بہت سے خدشات وہاں موجود ہیں فائرنگ میں 16 سے زائد لوگ شدید زخمی ہیں جو ہسپتالوں تک پہنچ چکے ہیں ہسپتالوں میں ایمرجنسی کی صورتحال نافذ ہے باقی لوگوں کی بازیابگی کے لیے وہاں کام کیا جا رہا ہے۔ یہاں ہلاکتوں کا بھی خدشہ اپنی جگہ موجود ہے اس ٹرین میں 100 کے قریب ایک حساس ادارے کے لوگ بھی سفر کر رہے تھے اور اس وقت تک یہی لگتا ہے کہ بی ایل اے کا ہدف شاید یہی لوگ ہیں۔ دنیا میں ٹرینوں کو یرغمال بنائے جانے کے اس سے قبل پانچ واقعات ہو چکے ہیں یہ واقع چھٹا ہے ان کی تفصیل کچھ یوں ہے۔ دنیا بھر میں ٹرین اغوا کے پانچ واقعات رونما ہوئے۔ پہلا واقعہ 1923 میں لیچٹینگ چین میں سابق فوجیوں شنگھائی گرین گینگ نے ٹرین اغوا کی 25 مغربی مسافروں اور ایک امریکی سینٹر کی بیٹی سمیت 300 مسافر اغوا کر لئے۔ جنہیں 85 ہزار ڈالر تاوان کے بدلے رہا کیا گیا۔ انڈونیشیا کے ملوکنز محاذ نے دو بار 1975 اور پھر 1977 میں ہالینڈ میں علیحدہ ملک کے لئے ٹرینیں اغوا کیں۔ بھارت میں پہلی بار 2009 میں ماوسٹ علیحدگی پسندوں نے جنگل محل کے قریب بھوٹھا صیر راجدھانی ایکسپریس ٹرین اغوا کی۔ 2013؟ میں رائے پور کے قریب سرونا ریلوے سٹیشن کے قریب جان ستابدی ایکسپریس اغوا کر لی تا کہ ایک ہارڈ کور گرفتار مجرم پہندر اسنگھ کو رہا کرایا جا سکے۔

بیرون ملک بیٹھے "بیانیہ ساز"

کوئٹہ سے پشاور جاتے ہوئے 450 مسافروں سے بھری جعفر ایکسپریس کے وادی بولان کے بلند قامت پہاڑوں پر بچھائی سرنگ کے قریب دہشت گردوں کے ہاتھوں اغوا کے بعد میں ایک پل بھی چین سے



نیشنل ٹی20 کپ میں صاحبزادہ فرحان نے 56 گیندوں پر سنچری جڑ دی

صداقت محتاط کھیلا تو صاحبزادہ فرحان جارحانہ انداز دکھایا اور گراؤنڈ کے چاروں اطراف چھکے اور چوکے لگائے

فیصل آباد (زیڈ این این) پشاور کے اوپننگ بیٹر صاحبزادہ فرحان ہفتے کے روز لاہور وائٹس کے خلاف 56 گیندوں پر شاندار سنچری جڑ دی۔ فیصل آباد کے اقبال اسٹیڈیم میں 182 رنز کے تعاقب میں معاذ صداقت کے ساتھ صاحبزادہ فرحان نے اننگز کا شاندار آغاز کیا، صداقت نے محتاط انداز میں کھیلا تو صاحبزادہ فرحان جارحانہ انداز میں دکھائی دیے اور گراؤنڈ کے چاروں اطراف چھکے اور چوکے لگائے۔ پشاور کے بیٹر نے صرف 29 گیندوں پر نصف سنچری مکمل کی اور اسکور بورڈ پر 6.1 اوورز میں 59 رنز سجا دیے۔ معاذ صداقت کے ساتھ ان کی شراکت 15ویں اوور کی آخری گیند پر ختم ہوئی جب معاذ 38 گیندوں پر 37 رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ تاہم فرحان کے تابڑ توڑ حملے کوئی نہیں روک سکا کیونکہ اس نے صرف 56 گیندوں پر اپنی سنچری مکمل کر کے پشاور کو ایک کمانڈنگ پوزیشن میں ڈال دیا۔ دائیں ہاتھ کے بلے باز 59 گیندوں پر 114 رنز بنا کر ناقابل شکست رہے کیونکہ پشاور نے ہدف 18.4 اوورز میں ہدف دو وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ اپنے شاندار سنچری میں صاحبزادہ فرحان نے نو چھکوں اور نو چوکوں کی مدد سے لاہور وائٹس کو اپنے قومی ٹی ٹوئنٹی کپ کے میچ میں آٹھ وکٹوں سے شکست دی۔



پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم 16 مارچ 2025 کو سلمان علی آغا کی قیادت میں نیوزی لینڈ کے خلاف کرائسٹ چرچ کے میدان میں اتری (اے ایف پی)

کیا واقعی عمر اکمل نے بابر اعظم کو چھکا مارنا سکھایا؟

میں نے اسے بولا کہ جب اسپنر کو کھیل رہے ہو نہ اپنی بیٹ گرپ کو تھوڑا سا تبدیل کیا کرو، عمر اکمل

لاہور (میاں شہروز سے) قومی کرکٹر عمر اکمل نے بتایا ہے کہ انھوں نے کس شارٹ کو بہتر بنانے میں بابر اعظم کی مدد کی اور ان کے لیے مڈ وکٹ پر چھکا مارنا آسان ہوا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کے دوران میزبان نے عمر اکمل سے سوال کیا کہ بابر اعظم نے کبھی آپ سے مشورہ لیا؟ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ آپ نے کزن ہونے کے ناطے فون کر لیا ہو کہ بابر یار ایسے نہیں ایسے کر لو۔ عمر اکمل نے اس بات کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ ایک دور میں بابر اعظم تھوڑا سا جدوجہد کر رہا تھا، اسپنر کی جو ہاف لینتھ بال ہوتی ہے اسے مڈ وکٹ پر مارنے کے حوالے سے اسے پریشانی ہو رہی تھی اور وہ آؤٹ ہو رہا تھا۔ انھوں نے بتایا کہ بابر میرے پاس آیا اور اس نے بولا کہ عمر بھائی مجھے یہ تھوڑی سا مسئلہ ہو رہا ہے کہ میں ہٹ مار رہا ہوں اور باؤنڈری پر کیچ ہو رہا ہوں۔ میں نے اسے ایک چیز بتائی، میں نے اس سے پوچھا کہ تمہاری بیٹ گرپ کیا ہے، بابر نے مجھے بتایا تو میں نے اسے بولا کہ جب اسپنر کو کھیل رہے ہو نہ اپنی بیٹ گرپ کو تھوڑا سا تبدیل کیا کرو۔ عمر اکمل نے کہا کہ میں نے بابر کو بتایا کہ جب بال آدھی وکٹ پر ہو تو باہر ہو گا تو کٹ مارنے میں بھی آسانی ہو گی جب بال تھوڑا سا اندر ہو گا اور جب آپ اس بال کو ہٹ مارنے جاؤ گے نہ چھکے لیے تو وہ بال فلائی کرے گا فلیٹ نہیں جائے گا۔ بابر نے مجھے یہ بولا تھا کہ آپ اسپنرز کو یہ والا شارٹ اچھا مارتے ہو کٹ بھی اچھا مارتے ہو تو بحیثیت سینئر پلیئر میں نے اسے یہ چیز بتائی تھی۔

ٹم رابنسن کا فضا میں اڑتے ہوئے ناقابل یقین کیچ، شاداب بھی حیران

کائیل جیمسن کی بال پر پوائنٹ پر شاٹ مارا جہاں مستعد کھڑے فیلڈر ٹم رابنسن نے اڑتے ہوئے ناقابل یقین کیچ تھام لیا

کرائسٹ چرچ (زیڈ این این) نیوزی لینڈ نے پاکستان کو پہلے ون ڈے میں یکطرفہ مقابلے کے بعد ہرا دیا ٹم رابنسن نے شاداب خان کا فضا میں اڑتے ہوئے ناقابل یقین کیچ پکڑا۔ نیوزی لینڈ نے پاکستان کو پہلے ٹی20 میچ میں باآسانی 9 وکٹوں سے شکست دے کر پانچ میچوں کی سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل کر لی۔ 91 رنز پر گرین شرٹس کے ڈھیر ہونے میں فیلڈنگ کا بھی کمال رہا۔ طویل عرصہ بعد پاکستان ٹیم میں واپس آنے والے نائب کپتان شاداب خان بھی ایسے ہی ناقابل یقین کیچ کی بدولت پویلین لوٹے۔ شاداب خان نے اس وقت کریز سنبھالی جب صرف ایک رن پر پاکستان ٹیم اپنی تین وکٹیں گنوا چکی تھی۔ تاہم نائب کپتان بڑی اننگ کھیل کر کم بیک یادگار بنانے میں ناکام رہے۔

پہلی بار سپراوور میں بحرین کی پوری ٹیم '0' پر آوٹ ہو گئی

کوالالمپور میں بحرین اور ہانگ کانگ کے درمیان ٹی ٹوینٹی انٹرنیشنل میچ یہ دلچسپ واقعہ پیش آیا

کوالالمپور (زیڈ این این) ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کے دوران پہلی مرتبہ ہوا ایسا ہوا کہ پوری ٹیم ایک بھی رن بنائے بغیر سپراوور میں '0' پر آؤٹ ہو گئی۔ کوالالمپور میں بحرین اور ہانگ کانگ کے درمیان ٹی ٹوینٹی انٹرنیشنل میچ یہ دلچسپ واقعہ پیش آیا، میچ میں ہانگ کانگ نے بحرین کو سپراوور میں شکست دی، تاہم اس مقابلے میں ایسا کچھ ہوا جو سپراوور ٹائی بریکر کی 16 سالہ تاریخ میں کبھی نہیں ہوا۔ سپراوور ٹائی بریکر کا اصول میزنز ٹی ٹوئنٹی میں 16 سال بل متعارف کرایا گیا، اس دوران یہ پہلا موقع تھا جب سپراوور میں کوئی ٹیم ایک بھی رن بنانے میں ناکام رہی۔ اس تاریخی میچ میں ہانگ کانگ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 7 وکٹوں کے نقصان پر 129 رنز بنائے، جواب میں بحرین کے کپتان احمر بن ناصر نے آخری اوور میں چھکا لگا کر اسکور برابر کیا دیا لیکن آخری گیند پر بدقسمتی سے آؤٹ ہو گئے۔ پھر میچ کا فیصلہ کرنے کے لیے سپراوور کا سہارا لیا گیا، اس سپراوور میں ناصر اور سہیل احمد لگاتار گیندوں پر آؤٹ ہو گئے اور بحرین بغیر کوئی رن بنائے '0' پر آل آؤٹ ہو گئی، فاتح ٹیم ہانگ کانگ نے ہدف تیسری گیند پر حاصل کر لیا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ 33 واں میزنز ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ تھا جس کا فیصلہ سپراوور میں ہوا، دلچسپ بات یہ ہے کہ اس سے پہلے بحرین نے دو بار سپراوور میں میچ جیتا تھا لیکن اس بار شکست کا سامنا کرنا پڑا۔



بنگلہ دیشی کبڈی کھلاڑی، سلیمان کبیر اور انگلینڈ کے حریف احمد آباد کے ٹرانس سٹیڈیم میں انگلینڈ اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ کے دوران (تصویر سیم پٹھک راے ایف پی)

ویرات کوہلی کا ٹی20 میں واپسی کے سوال پر زبردست جواب، شائقین حیران

نئی دہلی (زیڈ این این) بھارت کے اسٹار بلے باز ویرات کوہلی نے لاس اینجلس میں 2028 اولمپکس کے لیے ٹی 20 فارمیٹ میں واپسی پر زبردست تبصرہ کر کے شائقین کو حیران کر دیا۔ بھارت کے اسٹار بیٹر ویرات کوہلی نے گزشتہ سال جون میں ٹی 20 ورلڈ کپ کا فائنل جیتنے کے بعد مختصر فارمیٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا تھا۔ ویرات کوہلی آئی پی ایل 2025 میں رائل چیلنجرز بنگلورو کے لیے کھیلنے کے لیے تیار ہیں۔ ایک حالیہ انٹرویو میں ویرات کوہلی نے لاس اینجلس 2028 اولمپکس میں کرکٹ کی واپسی میں آئی پی ایل پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا میں بہت ساری ٹی20 لیگز کھیلی جاتی ہیں اور مجھے لگتا ہے کہ آئی پی ایل نے یقینی طور پر اس میں بھی بہت بڑا کردار ادا کیا ہے، اس نے کرکٹ کو اس مرحلے پر پہنچا دیا ہے۔

پاکستان ٹیم کے نام ایک اور بدترین شکست درج، نیوزی لینڈ نے پہلے ٹی20 میچ میں ہرا دیا

پاکستان کی جانب سے دیا گیا 92 رنز کا آسان ہدف 10.1 اوورز میں صرف ایک وکٹ کے نقصان پر حاصل

کرائسٹ چرچ (زیڈ این این) پاکستان کرکٹ ٹیم کے نام ایک اور بدترین شکست درج ہو گئی نیوزی لینڈ کی ٹیم نے گرین شرٹس کو پہلے ٹی20 میچ میں 9 وکٹوں سے ہرا دیا۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان پانچ ٹی 20 میچوں کی سیریز کا آغاز گرین شرٹس کی ناکامی سے ہوا۔ کرائسٹ چرچ میں کھیلے گئے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں 9 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل کر لی ہے۔ نیوزی لینڈ نے پاکستان کی جانب سے دیا گیا 92 رنز کا آسان ہدف 10.1 اوورز میں صرف ایک وکٹ کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ کیویز کی گرنے والی واحد وکٹ اوپنر ٹم سیفرٹ کی تھی جنہیں ابرار احمد نے 44 کے انفرادی اسکور پر شکار کیا۔ فن ایلن اور ٹم رابنسن نے بالترتیب 29 اور 18 رنز اسکور کیے۔ اس سے قبل میزبان ٹیم کے کپتان مچل بریسویل نے ٹاس جیت کر پہلے بولرز کو آزمانے کا فیصلہ کیا جو ان کے بولرز نے درست ثابت کر دکھایا۔ کیوی بولرز نے پاکستان کے کسی بھی بلے باز کو جمنے کا موقع نہ دیا اور 18.4 اوورز میں گرین شرٹس کی بساط 91 رنز پر لپیٹ دی، جو پاکستان کا نیوزی لینڈ کی سرزمین پر کم تر اسکور بن گیا۔ پاکستان کے دونوں اوپنرز حسن نواز اور محمد حارث بغیر کوئی رن بنائے پویلین لوٹے۔ اس ابتدائی نقصان کے بعد ٹیم سنبھل نہ سکی۔ خوشدل شاہ 32 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ کپتان سلمان علی آغا 18 اور جہاں داد خان 17 رنز کے ساتھ دہل فیگر میں پہنچنے والے دیگر بلے باز رہے۔ طویل عرصہ بعد بطور نائب کپتان ٹیم میں واپسی کرنے والے آل راؤنڈر شاداب خان بھی کم تر بیک یادگار نہ بنا سکے اور صرف 3 رنز پر وکٹ کھو بیٹھے۔ عبدالصمد (7)، ابرار احمد (2)، عرفان خان، شاہین شاہ آفریدی اور محمد علی نے ایک، ایک

'ایشیا کپ اور ٹی20 ورلڈ کپ جیتنا ہدف ہے' سلمان علی آغا کا دعوی مگر کارکردگی ٹھس

کرائسٹ چرچ (زیڈ این این) پاکستان ٹی 20 ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے نیوزی لینڈ کیخلاف پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ سے قبل میڈیا سے گفتگو میں دعویٰ کیا کہ ایشیا کپ اور ٹی20 ورلڈ کپ جیتنا ہمارا ہدف ہے مگر میچ میں عملی طور پر کوئی کارکردگی نہ دکھا سکے اور بطور کھلاڑی اور کپتان دونوں سطح پر بری طرح ناکام رہے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ فینز ہم سے خوش نہیں، ٹیم نے امیدوں کے مطابق کرکٹ نہیں کھیلی۔ کہا کہ ایشیا کپ اور ٹی 20 ورلڈ کپ جیتنا ہدف ہے، نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز جیتنے کی کوشش کریں گے۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ ٹیم کی تیاری اچھی ہے اور وہ سیریز میں اچھی کارکردگی دکھانے کی کوشش کرے گی، یہ نوجوان ٹیم ہے اور سیریز میں بے خوف کرکٹ کھیلے گی۔ واضح رہے کہ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان پہلا ٹی20 انٹرنیشنل اتوار کو کھیلا جائے گا۔



ٹرائیتھلون جیتنے کے بعد ثنا جشن منا رہی ہیں

میں نے آسٹریلیا میں اپنا آخری ٹیسٹ کھیل لیا، کوہلی نے تصدیق کر دی

نئی دہلی (زیڈ این این) بھارت کے نامور بلے باز ویرات کوہلی نے واضح کیا ہے کہ انھوں نے آسٹریلیا میں اپنے کیریئر کا آخری ٹیسٹ میچ کھیل لیا ہے۔ چیمپئنز ٹرافی میں فتح کے بعد بھارتی اسٹار بیٹر ویرات کوہلی نے بین الاقوامی کرکٹ میں اپنے مستقبل کے حوالے سے اہم اشارہ دیتے ہوئے کہا کہ میں نے آسٹریلیا میں اپنا آخری ٹیسٹ کھیل لیا، کیوں کہ ہوسکتا ہے کہ اب میں آسٹریلیا کا دوسرا دورہ نہ کرسکوں۔ کوہلی نے کہا کہ وہ فی الحال ریٹائرمنٹ کے حوالے سے کوئی اعلان نہیں کر رہے ہیں کیونکہ وہ اب بھی کھیل سے بہت محبت کرتے ہیں، تاہم انھوں نے ایک طرح سے تصدیق کی کہ وہ آسٹریلیا میں اپنا آخری ٹیسٹ کھیل چکے۔ بھارتی بیٹر نے کہا کہ شائقین گھبرائیں نہیں میں کوئی اعلان نہیں کر رہا ہوں، اب تک سب کچھ ٹھیک ہے مجھے اب بھی کرکٹ کھیلنا پسند ہے۔



استنبول کے اٹاکوئے ایتھلیٹکس ایرینا میں یورپین انڈور ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کے دوران خواتین کی 800 میٹر دوڑ کے سیمی فائنل میں برطانیہ کی کیلی ہوجکنسن حصہ لے رہی ہیں (اے ایف پی)



روس جنگ بندی سے پہلے اپنی جنگی پوزیشن مضبوط کرنا چاہتا ہے، زیلنسکی

کیف (این این آئی) یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے روس و یوکرین کے درمیان جنگ کے خاتمے کے سلسلے میں کہا ہے کہ روس کی کوشش ہے کہ وہ جنگی خاتمے کے نتیجے تک پہنچنے سے پہلے اپنی جنگ پر گرفت مضبوط کرے اور مختلف جگہوں پر اپنے قبضے کو پکا کرے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے اس امر کا اظہار اسی ہفتے کے شروع میں آنے والی اطلاعات کے پس منظر میں کیا ہے کہ روس نے امریکہ کی طرف سے تجویز کی گئی 30 دن کی جنگ بندی پر فوری طور پر اتفاق نہیں کیا۔ یوکرینی صدر نے بھی جنگ کے خاتمے کے لیے کوششوں پر سوال اٹھایا ہے اور کیف میں ایک پریس کے دوران انہوں نے کہا کہ روس جنگ کے خاتمے سے قبل اپنی پوزیشن کو زیادہ مضبوط کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور میدان جنگ میں اپنی حالت کو بہتر دکھانا چاہتا ہے۔ جنگ بندی کی تجویز کے ساتھ ہی روس نے اپنی جنگی رفتار میں شدت پیدا کی ہے اور یوکرین میں مختلف محاذوں پر روسی کارروائیوں میں تیزی آئی ہے۔ یہ جنگ 24 فروری 2022 سے جاری ہے۔ تاہم امریکہ کے نئے صدر ٹرمپ نے الیکشن مہم کے دوران اور حلف اٹھاتے ہی اس جنگ کے خاتمے کا اعلان کیا تھا



ایک انٹرن سکیورٹی اہلکار سری نگر کی ایک گلی میں انڈین وزیر اعظم نریندر مودی کے آنے سے پہلے پہرہ دے رہا ہے (توصیف مصطفیٰ راے ایف پی)



نیویارک شہر کے واشنگٹن سکوائر پارک میں طلبا نے فلسطینیوں کے حق میں مظاہرہ (اے ایف پی)

ٹرمپ نے ملک میں 1798 کا ایلین اینیمیز ایکٹ نافذ کر دیا

اقدام کا مقصد غیر ملکی دہشتگرد تنظیم Tren de Aragua کو ہدف بنانا ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نیملک میں 1798 کا ایلین اینیمیز ایکٹ نافذ کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقدام کا مقصد غیر ملکی دہشتگرد تنظیم Tren de Aragua کو ہدف بنانا ہے۔ اس سے پہلے وفاقی جج نے حکم دیا تھا کہ یہ قانون وینزویلا کے پانچ شہریوں کو ڈیپورٹ کرنے کیخلاف استعمال نہیں کیا جا سکے گا۔ جنگی حالت کا قانون اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ دشمن ملک کے شہریوں اور مقامی افراد کو بغیر سماعت کیے ڈیپورٹ کر دیا جائے۔ اس سے پہلے اس قانون کا 1812 میں ہوئی جنگ، جنگ عظیم اول اور جنگ عظیم دوم کے دوران اطلاق کیا گیا تھا۔ اعلامیہ کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ کے حالیہ اقدام کے نتیجے میں وینزویلا کے تمام ایسے شہری جن کی عمر چودہ برس یا اس سے زیادہ ہو اور وہ TDA کے رکن ہوں، امریکا میں موجود ہوں اور امریکا میں قانونی طور پر مستقل شہریت نہ رکھتے ہوں تو انہیں گرفتار کیا جا سکے گا اور ملک سے نکالا جا سکے گا۔

ہم یورپی ممالک کے ساتھ مذاکرات کے لیے تیار ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

مختلف ممالک کے ساتھ اچھے سفارتی تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے کام کر رہے ہیں، گفتگو

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اپنے ہالینڈ کے ہم منصب کیسپر ویلڈکیمپ کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کرتے ہوئے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ان کا ملک یورپی ممالک کے ساتھ بات چیت کے لیے تیار ہے۔ نیوز ایجنسی کے مطابق عباس عراقچی نے مختلف ممالک کے ساتھ اچھے سفارتی تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے اپنے ملک کے نقطہ نظر پر زور دیا اور کہا ایران یورپی ممالک کے ساتھ باہمی احترام اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر بات چیت کے لیے تیار ہے۔ اپنی طرف سے ہالینڈ کے وزیر خارجہ نے ہالینڈ اور ایران کے درمیان تاریخی تعلقات اور علاقائی ترقی میں ایران کے کردار کی اہمیت کا حوالہ دیا۔ انہوں نے کہا ملکوں کے درمیان افہام وتفہیم کو بڑھانے اور اختلافات کو حل کرنے کے لیے سفارتی آلات کو زیادہ سے زیادہ استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ سات ممالک کے گروپ، جس میں برطانیہ، کینیڈا، فرانس، جرمنی، اٹلی، جاپان اور امریکہ شامل ہیں، نے جمعے کو اپنے وزرائے خارجہ کی ملاقات کے بعد ایک حتمی بیان کے مسودے میں کہا تھا کہ تہران مشرق وسطی میں عدم استحکام کا ایک بڑا ذریعہ ہے۔

